CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار: باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر

امروز

www.dailyimroze.com

جلد نمبر 18 | جمعۃ المبارک 04 اپریل 2025ء 5 شوال 1446ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ 94

ٹرمپ نے ٹیرف جنگ پھیلا دی، پاکستان سمیت 25 ممالک پر جوابی ٹیکس عائد، ویزا پابندیاں روک دیں

امریکی صدر نے پاکستان پر 29 فیصد جوابی ٹیرف لگانے کا اعلان کیا اور کہا کہ پاکستان ہم سے 58 فیصد ٹیرف چارج کرتا ہے، امریکا بھارت پر 26، چین پر 34، یورپی یونین پر 20 فیصد ٹیرف عائد کرے گا

بنگلا دیش پر 37، جاپان پر 24، اسرائیل پر 17 اور برطانیہ پر 10 فیصد ٹیرف عائد کریں گے، گاڑیوں کی درآمد پر 25 فیصد اضافی ٹیکس عائد کریں گے، جوابی ٹیرف کا نفاذ امریکا کیلئے اچھا ہوگا

آج ہماری اقتصادی آزادی کا دن ہے، محصولات سے حاصل رقم کو اپنے ٹیکسوں کو کم کرنے کیلئے استعمال کریں گے، برسوں امریکی شہریوں کو سائیڈ لائن رکھا گیا، دوسری قومیں طاقتور بن گئیں

واشنگٹن: (آئی پی ایس) امریکا نے ٹیرف جنگ کو دنیا بھر میں پھیلا دیا، پاکستان سمیت 25 ممالک پر جوابی ٹیرف لگا دیا۔ امریکی صدر نے پاکستان پر 29 فیصد جوابی ٹیرف لگانے کا اعلان کیا اور کہا کہ پاکستان ہم سے 58 فیصد ٹیرف چارج کرتا ہے، امریکا بھارت پر 26، چین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

عمران خان نے اسٹیبلشمنٹ سے مذاکرات کیلئے کسی کو نیا ٹاسک نہیں دیا، بیرسٹر سیف

ذاتی فائدے کیلئے اسٹیبلشمنٹ سمیت کسی سے بات چیت نہیں کریں گے

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت کے مشیر اطلاعات بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا ہے کہ میڈیا ذرائع کے نام پر اسٹیبلشمنٹ سے مذاکرات شروع کرنے کی خبریں چلا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

آئی ایم ایف ٹیم بجٹ کی تیاری کیلئے آج سے پاکستان کا دورہ کریگی

اخراجات پر کنٹرول اور دیگر ترقیاتی اخراجات کے بجٹ پر مذاکرات کرے گا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف کی ٹیم آئندہ مالی سال کے بجٹ کی تیاری کے سلسلے میں کل 4 اپریل سے پاکستان کا دورہ کرے گی۔ مالی سال 26-2025 کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

مخالف کرنے والا حساب کر گیا جو ہونا تھا ہو گیا، ہم ایک مشکل سفر طے کر کے آئے ہیں، عوام کو سستی بجلی کا تحفہ، آرمی چیف کا کلیدی کردار ہے، شہباز شریف

بجلی 7 روپے فی یونٹ سستی

گھریلو صارفین کو اب بجلی اوسطاً 34 روپے 37 پیسے فی یونٹ میں فراہم ہوگی، مہنگائی 38 سے ڈیڑھ پالیسی ریٹ 12 فیصد تک آچکا، وزیراعظم نے خوشخبری سنا دی

منشور میں کئے گئے وعدے کو پورا کرنے کا وقت آگیا، معیشت میں بنیادی استحکام آچکا ہے، 77 سال سے ملک کو غربت کی جانب دھکیلنے والے مسائل کو جڑ سے اکھاڑنے پھینکنا تو یہ ریلیف اور آئندہ آنیوالے ریلیف بے معنی ہو جائیں گے

جون 2024 میں گھریلو صارفین کیلئے بجلی کی قیمت 48 روپے 70 پیسے تھی وہ اس وقت 45 روپے 5 پیسے فی یونٹ ہے، آج گھریلو صارفین کیلئے مزید 7 روپے 41 پیسے فی یونٹ کمی کر رہے ہیں

صنعتوں کیلئے بجلی کی قیمت فی یونٹ 58 روپے 50 پیسے تھی، سب کی کاوشوں سے وہ قیمت 48 روپے 19 پیسے ہو چکی ہے، آج اس میں مزید 7 روپے 59 پیسے کمی کا اعلان کر رہا ہوں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے گھریلو صارفین کیلئے بجلی کی فی یونٹ قیمت میں 7 روپے 41 پیسے کمی کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ منشور میں کئے گئے وعدے کو پورا کرنے کا وقت آگیا، معیشت میں بنیادی استحکام آچکا ہے، ان مسائل جنہوں نے 77 سال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو سہولت آن دی گو بازار پراجیکٹ کے بارے میں بریفنگ دی جا رہی ہے۔

پیپلز پارٹی کا نہروں کے معاملے پر سمجھوتہ نہ کرنے کا فیصلہ

پیپلز پارٹی احتجاجاً انتہائی اقدام اٹھانے سے گریز نہیں کرے گی، نہروں کے خلاف احتجاج پیپلز پارٹی کیلئے بقا کی جنگ ہے

پیپلز پارٹی کا نہروں کے خلاف احتجاج اور وفاقی حکومت سے اتحاد خاتمے سمیت دیگر آپشنز پر غور جاری ہے

لاہور (این این آئی) ممبر سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی پاکستان پیپلز پارٹی اور انچارج پیپلز لیبر بیورو چوہدری منظور احمد نے وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے سوال کیا ہے کہ سندھ اور دیگر صوبوں کے مطالبے کے باوجود مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس کیوں نہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

ادارہ شماریات کے مطابق بجلی کی قیمت تو 6 روپے فی یونٹ ہے، مزمل اسلم

حکومت صارفین کو بجلی استعمال کرنے پر 1.41 روپے فی یونٹ واپس کریگی

پشاور (این این آئی) مشیر خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلم نے وزیراعظم شہباز شریف کے بجلی کی قیمتوں میں کمی کے اعلان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ ایک طرف اعلان کیا گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 8 اپریل کو منعقد ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2025ء اسلام آباد میں 8 اور 9 اپریل کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

رہنماؤں کو ملاقات کی اجازت نہیں دی گئی، نیاز اللہ نیازی

راولپنڈی (این این آئی) ترجمان بانی پی ٹی آئی نیاز اللہ نیازی نے کہا ہے کہ ہم آئین اور قانون کی بالادستی پر یقین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

جنگل میں آگ لگانے، درختوں کی غیر قانونی کٹائی کرنے والوں کی شامت

تھرمل امیجنگ کی جدید ٹیکنالوجی سے 24 گھنٹے سیٹلائٹ نگرانی کے نظام کا آغاز کر دیا گیا

جرائم پیشہ سرگرمیوں کے تدارک میں تھرمل امیجنگ ٹیکنالوجی سے مدد لیں گے

لاہور (این این آئی) جنگل میں آگ لگانے اور درختوں کی غیر قانونی کٹائی کرنے والوں کی شامت آگئی، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب کے جنگلات میں تھرمل امیجنگ کی جدید ترین ٹیکنالوجی سے چوبیس گھنٹے سیٹلائٹ نگرانی کے نظام کا آغاز کر دیا گیا۔ رپورٹ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

مئی کے مہینے کا بل قیمت میں کمی کے ساتھ آئے گا، اویس لغاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

چیرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی آسیان کے موجود صدر تان سری داتو (ڈاکٹر) جوبری بن عبدل سے مصافحہ کر رہے ہیں۔

بجلی کی قیمتوں بارے وزیراعظم کے اعلان کا انتظار کر رہے ہیں: حافظ نعیم

بجلی کی قیمتوں میں کمی عوام کے مفاد میں ہونی چاہیے

لاہور: (آئی پی ایس) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ بجلی کی قیمتوں بارے وزیراعظم کے اعلان کا انتظار کر رہے ہیں۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ فی یونٹ قیمت میں کم از کم اتنی کمی کی جائے کہ عوام کو ریلیف ملے، انہوں نے کہا کہ بجلی کا بل اوسط لاگت کے مطابق ہونا چاہئے تاکہ عام آدمی پر بوجھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

تمام آبادی کا علاج نہیں کر سکتے ٹیلی میڈیسن پر جانا چاہیے، مصطفیٰ کمال

بنیادی مرکز نہ ہونے کے باعث لوگ بڑے سپتالوں کا رخ کرتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ تمام آبادی کا علاج نہیں کر سکتے جدید دنیا کو سامنے رکھ کر ٹیلی میڈیسن پر جانا چاہیے۔ اسلام آباد میں پھر اسپتال کے دورے کے بعد میڈیا سے گفتگو میں وزیر صحت مصطفیٰ کمال کا کہنا تھا کہ بنیادی مرکز صحت نہ ہونے کے باعث لوگ بڑے اسپتالوں کا رخ کرتے ہیں۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

عمران خان کو عید کی نماز نہیں پڑھنے دے گئی، عمر ایوب

اگر ججز اپنے احکامات پر عمل درآمد نہ کروا سکے تو بہتر ہے

راولپنڈی (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے الزام لگایا ہے کہ عمران خان کو عید کی نماز نہیں پڑھنے دے گئی، ہم کیسے مملکت اسلامی پاکستان میں رہ رہے ہیں؟ جہاں بانی پی ٹی آئی کو عید کی نماز نہیں پڑھنے دی گئی، اگر ججز اپنے احکامات پر عمل درآمد نہ کروا سکے تو بہتر ہے استعفیٰ دیکر گھر چلے جائیں۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

آئندہ بطور کارکن اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے، حماد اظہر

حماد اظہر نے پی ٹی آئی میں تمام عہدوں سے استعفیٰ دے دیا

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف پنجاب کے سیکرٹری جنرل اور قائم مقام صدر حماد اظہر نے پارٹی عہدے سے استعفیٰ دے دیا۔ حماد اظہر نے اعلان کیا کہ وہ پی ٹی آئی کے تمام عہدے چھوڑ رہے ہیں اور آئندہ بطور کارکن اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ اپنے بیان میں حماد اظہر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو سینیٹر اعظم سواتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

امریکہ نے پاکستان سمیت 40 سے زائد ممالک پر ویزا پابندیاں روک دیں

سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کی ترجمان ٹیمی بروس نے ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ ویزا پابندیوں کے نفاذ کی کوئی مخصوص تاریخ طے نہیں کی گئی

پاکستان کو اورنج فہرست میں رکھا گیا تھا جس کا مطلب تھا کہ ویزا کے حصول کے لیے شہریوں کو سخت جانچ پڑتال اور انٹرویوز سے گزرنا ہوگا

واشنگٹن: (آئی پی ایس) ٹرمپ انتظامیہ نے پاکستان سمیت 40 سے زائد ممالک کے شہریوں پر ویزا پابندیوں کے نفاذ کو روک دیا۔ یہ متنازع سفری پابندی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے 20 جنوری کو جاری کردہ ایک ایگزیکٹو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

اقوام متحدہ سے سبکدوش مستقل مندوب منیر اکرم کو اعزاز میں الوداعی استقبالیہ

استقبالیہ میں مستقل مندوب منیر اکرم کو ان کی شاندار خدمات پر خراج تحسین پیش کیا گیا

نیویارک (این این آئی) پاکستان کے اقوام متحدہ میں سبکدوش ہونے والے مستقل مندوب منیر اکرم کے اعزاز میں پروقار الوداعی استقبالیہ کا انعقاد کیا گیا۔ استقبالیہ میں مستقل مندوب منیر اکرم کو ان کی شاندار خدمات پر خراج تحسین پیش کیا گیا، جنہوں نے عالمی سطح پر پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

سٹیٹ بینک نے بینکوں کو 2016 ارب روپے فراہم کر دیئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے مرکزی بینک نے گزشتہ روز اوپن مارکیٹ آپریشن کے ذریعے ملکی بینکوں کو 2016 ارب روپے فراہم کر دیے تاکہ بینکنگ سسٹم میں استحکام رہے۔ سٹیٹ بینک کے مطابق بینکوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

ایس آئی ایف سی کی معاونت سے زرعی برآمدات میں نمایاں اضافہ

2025 کے پہلے دو ماہ میں 22,740 میٹرک ٹن تل چین کو برآمد کیے گئے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی زرعی برآمدات میں ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری کے ذریعے تیزی دیکھنے کو ملی ہے جس سے عالمی منڈیوں تک رسائی آسان ہوئی ہے۔ حالیہ اعداد و شمار کے مطابق، پاکستان کی چین کو تل کی برآمدات میں 179 فیصد کا نمایاں اضافہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد: ایف پی سی سی آئی کے صدر عاطف اکرام شیخ کے ہمراہ پاکستان کے سابق سفیر سابق سیکرٹری خارجہ اور دیگر کا ملاقات کے بعد لیا گیا گروپ فوٹو

کنٹرول لائن پر بھارتی فائرنگ شہدا کے سپرد خاک، کشمیریوں نے یوم تکریم شہدا بھرپور انداز سے منایا

ضلع حویلی کہوٹہ چڑی کوٹ سے تعلق رکھنے والے پاک فوج کے جوان لانس نائیک نزاکت علی آبائی گاؤں چڑی کوٹ میں پورے فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک

جنازہ اور تدفین میں اعلیٰ فوجی حکام، کمشنر، ڈی آئی جی پونچھ ریجن، ڈپٹی کمشنر ایس ایس صاحبان حویلی نے شرکت کی، شہید لانس نائیک محمد نصیر مصدق نکیال میں سپرد خاک ہوئے

حویلی کہوٹہ (ویب ڈیسک) ضلع حویلی کہوٹہ چڑی کوٹ سے تعلق رکھنے والے پاک فوج کے جوان لانس نائیک نزاکت علی جو کہ یکم اپریل 2025 کو لائن آف کنٹرول مدار پور تتری نوٹ سیکٹر میں جام شہادت نوش کیا ان کی نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں چڑی کوٹ میں پورے فوجی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی گڑھی خدا بخش میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

عید الفطر کی تعطیلات کے بعد دفاتر، تعلیمی اور مالیاتی ادارے کھل گئے

تعطیلات ختم ہوگئیں، پہلے دن دفاتر میں حاضری کا تناسب کم دیکھا گیا

اسلام آباد (این این آئی) عید الفطر کی تعطیلات کے بعد دفاتر، تعلیمی اور مالیاتی ادارے کھل گئے۔ حکومت کی جانب سے عید الفطر کی 3 یوم کی تعطیلات 31 مارچ سے 2 اپریل تک تھیں۔ گزشتہ روز عید کی تعطیلات کا آخری روز تھا اور آج سے سرکاری اور دیگر دفاتر کھل گئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

صدر زرداری کی طبیعت میں بہتری، چند روز میں ہسپتال سے چھٹی ہوگی، ڈاکٹر عاصم

کراچی (این این آئی) صدر مملکت کے ذاتی معالج ڈاکٹر عاصم حسین نے کہا ہے کہ آصف زرداری کی طبیعت میں بہتری آ رہی ہے، چند روز میں ہسپتال سے چھٹی ہوگی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

میجر محمد اکرم شہید کا 87 واں یوم پیدائش آج منایا جائے گا

انہیں پاک بھارت جنگ میں بہادری پر نشان حیدر ملا، خراج عقیدت پیش کیا جائے گا

ہجرہ شاہ مقیم (این این آئی) میجر محمد اکرم شہید کا 87 واں یوم پیدائش آج مورخہ 4 اپریل کو منایا جائے گا، میجر محمد اکرم شہید پاک آرمی کے ایک بہادر افسر تھے جنہیں 1971 کی پاک بھارت جنگ میں غیر معمولی بہادری کے اعتراف میں پاکستان کے اعلیٰ ترین فوجی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

لاہور: وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق جنرل ہسپتال لاہور کا دورہ کر رہے ہیں۔

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات نہ کروانا عدالت کے فیصلے کی کھلم کھلا توہین ہے، شبلی فراز

جہاں پک اینڈ چوز کیا جائے اس کا مطلب عدالتیں اپنا وقار کھو چکی ہیں، میڈیا

راولپنڈی (این این آئی) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر شبلی فراز نے کہا ہے کہ جہاں عدالتی فیصلوں کو جوتے کی نوک پر رکھا جائے وہ ملک نہیں کہلا سکتا، جہاں پک اینڈ چوز کیا جائے اسکا مطلب عدالتیں اپنا وقار کھو چکی ہیں۔ اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شبلی فراز نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

پاکستانی نوجوان کی گوانگ شی میں سان یوئے سان تہوار میں شرکت

سان یوئے سان، جو چینی قمری کیلنڈر کے تیسرے مہینے کا تیسرا دن کو منایا گیا

نان ننگ (شنہوا) چین کے جنوب گوانگ شی ژوانگ خودمختار علاقے کی فضا روایتی چینی تہوار "سان یوئے سان" کے دوران سریلے گانوں اور بھرپور ملاقاتی روایات سے لبریز ہے۔ ظفروال کے چھوٹے سے قصبے سے تعلق رکھنے والے 22 سالہ پاکستانی طالب علم محمد عمر رفیق کے لئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

لاہور: وزیر اطلاعات وثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری محفل تھیٹر میں ڈرامے کے سکرپٹ کا جائزہ لے رہی ہیں

پیپلز پارٹی گھر کی لڑائی میڈیا پر لڑنے کی کوشش نہ کرے، عظمیٰ بخاری

نہروں پر سیاست سندھ کا کام ہے، پیپلز پارٹی گھر کی لڑائی میڈیا پر لڑنے کی کوشش نہ کرے، عظمیٰ بخاری

پنجاب نہ کسی کا حق چھینتا ہے نہ کسی کو اپنا حق کھانے دیتا ہے، صدر پاکستان سے پوچھ لیں تو بہتر ہوگا

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب نہ کسی کا حق چھینتا ہے نہ کسی کو اپنا حق کھانے دیتا ہے، ہمیشہ نہروں پر سیاست کرنا سندھ کا کام رہا ہے لیکن یہاں یہ نہیں ہوتا۔ انہوں نے پیپلز پارٹی کے رہنما چوہدری منظور احمد کی پریس کانفرنس پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سندھ والے کہتے ہمارا پانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

الزام تراشی جماعت اسلامی کے رہنماؤں کی عادت بن چکی ہے، ترجمان

پیپلز پارٹی اپنے قیام سے تمام فیصلے جمہوری انداز میں کرتی آئی ہے، سمعتا افضال

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر کے بیان پر ترجمان سندھ حکومت سمعتا افضال کا ردعمل سامنے آگیا۔ ترجمان سندھ حکومت نے کہا ہے کہ الزام تراشی جماعت اسلامی کے رہنماؤں کی عادت بن چکی ہے، عوام کو گمراہ کرنا اور حقائق مسخ کرنا جماعت اسلامی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

شمالی وزیرستان سے تیل اور گیس کے نئے ذخائر دریافت

میران شاہ (این این آئی) شمالی وزیرستان سے تیل اور گیس کے نئے ذخائر دریافت ہوئے ہیں۔ اس حوالے سے مازی پیٹرولیم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

پاکستان کے سابق ٹیسٹ کرکٹر فاروق حمید انتقال کر گئے

لاہور (این این آئی) پاکستان کے سابق ٹیسٹ کرکٹر فاروق حمید انتقال کر گئے۔ فاروق حمید کی عمر 80 برس تھی، انہوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

بنوں: کمانڈر بنوں بریگیڈ میز نوید احمد ڈومیل میں یتیموں میں کھانا تقسیم کر رہے ہیں

اسرائیل طاقت کے نشے میں پاگل، غزہ پر بمباری سے مزید 80 فلسطینی شہید

ایک روز میں 42 فلسطینیوں کی شہادت کی تصدیق ہوگئی، اسرائیلی فوج نے جنوبی رفاح سمیت غزہ میں زمینی کارروائیوں کو بڑھا دی

اسرائیلی جارحیت میں شہید فلسطینیوں کی مجموعی تعداد 50 ہزار 400 سے زائد ہوگئی، 1 لاکھ 14 ہزار 500 سے زائد زخمی ہو چکے

غزہ: (آئی پی ایس) اسرائیل طاقت کے نشے میں پاگل ہوگیا، صیہونی فوج کی غزہ پر تازہ بمباری سے مزید 17 فلسطینی جام شہادت نوش کر گئے۔ ایک روز میں 42 فلسطینیوں کی شہادت کی تصدیق ہوگئی، اسرائیلی فوج نے جنوبی رفاح سمیت غزہ میں زمینی کارروائیوں کو بڑھا دیا، بے گھر فلسطینیوں کے خیموں اور پناہ گاہوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

دبئی بھیجے جانے والے مصالحوں کے پیکٹ سے 164 کلو سے زائد آئس برآمد

مختلف کارروائیوں میں 8 کروڑ 72 لاکھ روپے مالیت کی منشیات برآمد کی گئی

کراچی (این این آئی) کراچی پورٹ سے دبئی بھیجی جانے والی مصالحوں کے پیکٹ سے 164.160 کلو آئس برآمد ہوئی۔ ترجمان اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) کے مطابق مختلف کارروائیوں میں 8 کروڑ 72 لاکھ روپے مالیت سے زائد کی 208.643 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

سیکورٹی خدشات: کوئٹہ میں موبائل انٹرنیٹ دوسرے روز بھی معطل، عوام کو بدستور مشکلات

گزشتہ دو تین ہفتوں کے دوران شہر میں موبائل فون پر انٹرنیٹ کی یہ تیسری بار معطلی ہے

موبائل فون انٹرنیٹ سروس شہر اور گرد و نواح میں احتجاج کے مواقع پر معطل کی جاتی رہی ہے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) سیکورٹی خدشات کی وجہ سے شہر میں موبائل انٹرنیٹ سروس آج دوسرے روز بھی معطل ہے۔ ذرائع کے مطابق کوئٹہ میں ایک مرتبہ پھر موبائل فون پر انٹرنیٹ سروس معطل کر دی گئی ہے، شہر میں موبائل فون پر انٹرنیٹ سروس منگل کی شب معطل ہوئی تھی، جس کی وجہ سے شہریوں کو پریشانی اور مشکلات کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

حکومت سندھ کا آج عام تعطیل کا اعلان، نوٹیفکیشن جاری

سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کی 46 ویں برسی کے موقع پر کیا گیا ہے

کراچی (این این آئی) حکومت سندھ نے پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی اور سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کی 46 ویں برسی کے موقع پر 4 اپریل (بروز جمعہ) عام تعطیل کا اعلان کیا ہے۔ چیف سیکرٹری سندھ کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق صوبے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

میانمار میں خوفناک زلزلے سے ہلاکتیں 2 ہزار 800 سے تجاوز کر گئیں

میانمار میں آنے والے 7.7 شدت کے زلزلے کے نتیجے میں ہلاکتوں کی تعداد ایک ہزار سے تجاوز کر گئی

زلزلے کے باعث متعدد رہائشی عمارتیں گر گئیں اور سیکڑوں افراد ملبے تلے دب گئے جب کہ شہر کا انفرااسٹرکچر بری طرح تباہ ہوگیا

میانمار (ویب ڈیسک) میانمار میں آنے والے 7.7 شدت کے زلزلے کے نتیجے میں ہلاکتوں کی تعداد ایک ہزار سے تجاوز کر گئی، زلزلے کے باعث متعدد رہائشی عمارتیں گر گئیں اور سیکڑوں افراد ملبے تلے دب گئے جب کہ شہر کا انفرااسٹرکچر بری طرح تباہ ہوگیا، میانمار کی فوجی حکومت نے کئی علاقوں میں ایمرجنسی نافذ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں ملا جلا رجحان، 38 پوائنٹس کا اضافہ

بازار حصص کا 100 انڈیکس 38 پوائنٹس کے اضافے سے 1 لاکھ 17 ہزار 845 پر آگیا

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں عید کی چھٹیوں کے بعد جمعرات کو تعطیلات کے بعد پہلے کاروباری دن ملا جلا رجحان دکھائی دے رہا ہے۔ بازار حصص کا 100 انڈیکس 38 پوائنٹس کے اضافے سے 1 لاکھ 17 ہزار 845 پر آگیا۔ آج اب تک کے کاروبار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

اداریہ

آپ کی رائے

وزیراعظم کا بجلی صارفین کو بڑا ریلیف

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بجلی صارفین کو بڑا ریلیف دیتے ہوئے گھریلو صارفین کے لئے بجلی کی قیمت میں 7 روپے 41 پیسے اور صنعتی صارفین کے لئے 7 روپے 69 پیسے فی یونٹ کی کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ مستقبل میں بجلی کی قیمتوں میں مزید کمی کی جائے گی، آئندہ 5 سالوں میں گردشی قرضوں کا مسئلہ ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گا، بجلی کی قیمتوں میں نمایاں کمی سے معاشی سرگرمیوں میں تیزی آئے گی، سالہا سال سے بند پڑے زنگ آلود جنکوز کو بیچا جائے گا، ڈسکوز کو پرائیویٹائز یا پروفیشنلائز کیا جائے گا، سالانہ 600 ارب روپے کی بجلی چوری کا مکمل خاتمہ کرنا ہوگا، بجلی کی رائٹ سائزنگ کے بغیر پاکستان ترقی نہیں سکتا۔ جمعرات کو ان خیالات کا اظہار وزیراعظم بجلی کے نرخوں میں کمی کے حکومتی پیکج کے حوالے سے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار، وفاقی وزراء، ارکان پارلیمان، سرمایہ کار، کاروباری شخصیات اور اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ معاشی میدان میں کامیابیوں کا سلسلہ آگے بڑھا رہے ہیں۔ اب منشور میں کیے گئے وعدے کو پورا کرنے کا وقت آ گیا ہے، یہ معاشی ترقی و استحکام کے نتیجے میں خوشخبری سنانے کا موقع ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ انہیں اس حقیقت کا ادراک ہے کہ مہنگی بجلی سے عوام متاثر ہوئے، ملک کی خاطر عام آدمی کی قربانیوں کا مکمل احساس رکھتے ہیں، مہنگی بجلی کی وجہ سے معاشی سرگرمیاں بھی متاثر ہوئیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ تمام شعبوں کی ترقی میں مہنگی بجلی ایک رکاوٹ ہے، ترقیاتی عمل آگے بڑھانے کیلئے بجلی قیمتوں میں کمی ناگزیر ہے۔ بجلی کی قیمتوں میں کمی کے لئے ٹاسک فورس کی کاوشیں قابل ستائش ہیں۔ عیدسے قبل پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں برقرار رکھتے ہوئے بجلی کے شعبے میں فائدہ منتقل کرنے کا فیصلہ کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ جون 2024 سے لے کر آج تک اس میں 5.3 روپے کی کمی ہوئی، آج گھریلو صارفین کے لئے مزید 41.7 روپے فی یونٹ کمی کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جون 2024ء میں صنعتوں کیلئے فی یونٹ بجلی کی قیمت 50.58 روپے تھی جس میں مشترکہ کاوشوں سے 30.10 روپے فی یونٹ کمی کی گئی جو 19.48 روپے فی یونٹ تک پہنچی۔ آج اس میں مزید 7 روپے 69 پیسے فی یونٹ کمی کا اعلان کیا جا رہا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ اس وقت بجلی کے شعبے کا گردشی قرضہ 2393 ارب روپے (2 کھرب 393 ارب روپے) ہے، اس گردشی قرضے کے مسئلہ کا مستقل حل تلاش کر لیا گیا ہے، آئندہ پانچ سالوں میں گردشی قرضہ بتدریج ختم ہو جائے گا لیکن اس کے لئے شرط یہ ہے کہ ہم خود کو تبدیل کریں۔ خود کو تبدیل کئے بغیر اس گردشی قرضے سے جان نہیں چھوٹے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ سرکاری پاور پلانٹس (جنکوز) سالہا سال سے بند پڑے ہیں اور ایک کلو واٹ بجلی وہاں سے پیدا نہیں ہو رہی، لیکن سالانہ اربوں روپے کی تنخواہیں اور مراعات جاری ہیں جو بہت بڑا ظلم ہے۔ اس کا بوجھ بھی عوام پر پڑتا ہے۔ یہ وہ کینسر ہے جسے جڑ سے کاٹنا ہوگا۔ اب ان جنکوز کی پہلی لاٹ کو شفاف طریقے سے فروخت کیا گیا ہے جس سے 9 ارب روپے وصول ہوں گے جبکہ بند پڑے زنگ آلود جنکوز پر سالانہ 7 ارب روپے کا خرچ ہو رہے تھے۔ وزیراعظم نے کہا کہ یہ وہ مسائل ہیں جو کسی ایک حکومت کے پیدا کردہ نہیں، یہ 77 سال کا بوجھ ہے جس کے نیچے قوم دبی ہوئی تھی۔ وزیراعظم نے کہا کہ بجلی کی قیمت میں کمی کے بعد اب ہمیں اصلاحات اور سٹرکچرل تبدیلیاں کرنی ہیں۔ سالانہ 600 ارب روپے کی بجلی چوری ہوتی ہے۔ اس چوری کا خاتمہ کرنا ہے۔ اوپن مارکیٹ کے ذریعے بجلی کو مزید سستا کرنا ہے۔ حکومت ڈسکوز میں بہت بہتری لے کر آئی ہے لیکن وہاں سب ٹھیک نہیں ہے۔ عام صارفین کو ڈسکوز میں تنگ کیا جاتا ہے، ان ڈسکوز کو فوری طور پر پرائیویٹائز یا پروفیشنلائز کرنا ہوگا۔ اس کے علاوہ کوئی طریقہ نہیں ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ گردشی قرضے کے مسئلے کا مستقل حل تلاش کر لیا ہے۔ آئندہ پانچ سال میں گردشی قرضہ تدریج ختم ہو جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ سرکاری پیداواری پلانٹس کے نقصانات پر بھی توجہ دی گئی۔ زنگ آلود پلانٹس پر سالانہ خرچہ 7 ارب روپے تھا۔ وزیراعظم نے کہا کہ قیمتوں میں کمی کے لئے آئی پی پیز کے ساتھ بھی مذاکرات کئے۔ انہوں نے کہا کہ وہ آئی پی پیز کے حوالے سے ماضی میں جو کچھ ہوا اس پر بات نہیں کریں گے، جب یہ آئی پی پیز آئیں تھی تو یہ ایک مثبت قدم تھا۔ ہم نے آئی پی پیز کے ساتھ مذاکرات کئے۔ انہیں باور کرایا کہ انہوں نے بہت پیسہ کما لیا اب قوم کو فائدہ دیں۔ اس کے لئے حکومتی ٹاسک فورس نے بہت محنت کی۔ آئی پی پیز کو قائل کرنا بہت بڑی کامیابی ہے۔ اس سے پہلے بھی ایک ایسی ہی کوشش ہوئی تھی جو دھری کی دھری رہ گئی تھی۔ آئی پی پیز کے ساتھ بات چیت کے نتیجے میں آنے والے سالوں میں جو 3 ہزار 696 ارب روپے قوم کو ادا کرنے تھی اب وہ ادائیگی نہیں کرنا پڑے گی۔ اسی طرح مختلف آئی پی پیز جن کی مدت 3 سے 25 سال اور اوسط مدت 15 سال تھی انہیں جو اضافی ادائیگیاں ان سالوں میں ہونا تھیں اس کی مدت میں پچت ہوگی۔ وزیراعظم نے معیشت کی بہتری کے لئے آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ معاہدے کی تمام شقوں پر عملدرآمد کے لئے پرعزم ہیں۔ آئی ایم ایف کو قائل کرنا بہت مشکل امر تھا۔ عیدسے پہلے تیل کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ ہم نے عوام کو منتقل نہیں کیا بلکہ اسے بجلی کی قیمت میں کمی کے لئے استعمال کیا۔ اس سلسلہ میں ہمیں آئی ایم ایف کو قائل کرنا پڑا۔ ماضی میں آئی ایم ایف کے اعتماد کو جو ٹھیس پہنچی تھی، اس کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم ملک و قوم کی بہتری کے لئے کئے گئے اقدامات کو آئی ایم ایف کو اعتماد میں لیتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس کے ساتھ ساتھ آگے بڑھتے ہوئے ماضی پر نظر ڈالنا بھی اہم ہے، حکومت سنبھالی تو کمزور معیشت اور دیوالیہ ہونے کا خطرہ منڈلا رہا تھا، پاکستان کو ڈیفالٹ تک پہنچانے والے خوشی کے شادیانے بجا رہے تھے، انتشاری ٹولے کا پختہ یقین تھا کہ ملک دیوالیہ ہو جائے گا۔ اللہ کے فضل سے ہماری محنت رنگ لائی اور ملک دیوالیہ ہونے سے بچ گیا۔ انہوں نے کہا کہ اس ٹولے نے ملکی مفادات کو نقصان پہنچانے کیلئے تمام حدیں پار کیں، معیشت کے استحکام کیلئے کاوشوں کی راہ میں ان عناصر نے بھاری رکاوٹیں کھڑی کیں، ذاتی مفاد اور سیاست کیلئے اس ٹولے نے ریاست کے ساتھ کھلواڑ کیا۔ آئی ایم ایف پروگرام میں رکاوٹیں ڈالنے کی بھی کوششیں کی گئیں لیکن ہم نے پرخطر راستے پر چیلنجز کا محنت سے مقابلہ کیا۔

نصرت جاوید

امریکہ میں جمہوریت کے لیئے محبت؟

سوشل میڈیا پر جتنے بھی پلیٹ فارم متعارف ہوئے ٹویٹر ان میں سے پرانی وضع کے صحافیوں کے لئے بہت کام کی چیز تھا۔ ماضی کا صیغہ استعمال کرتے ہوئے شرمندگی ہو رہی ہے۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ ٹویٹر جواب ایکس کہلاتا ہے کے بارے میں ''تھا'' کا لفظ لکھتے ہی یاد آیا کہ گزشتہ پانچ دنوں سے اس نے مجھے پریشان کر رکھا ہے۔

آج سے کچھ برس قبل تک میں دن کے کئی گھنٹے اس پلیٹ فارم پر اپنے ''گرانقدر'' خیالات کے اظہار سے زیادہ اپنے سے مخالف رائے رکھنے والوں کے لئے لینے میں گزار دیتا تھا۔ بہت عرصے بعد سمجھ آئی کہ یہ وقت کا زیاں ہے۔ ٹویٹر کی بدولت کسی بھی موضوع پر بحث درحقیقت فرقہ وارانہ مناظروں کی مانند ہے جس میں کسی ایک فریق کی سوچ کو آپ دلائل کے ذریعے بدلنے کے بجائے مزید جارحانہ بنا دیتے ہیں۔ اس سے دوری اختیار کرتے ہوئے بھی مگر اس کالم کو زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچانے کے لئے اخبار میں چھپے کالم کو اس پلیٹ فارم پر ہر صبح پوسٹ کرنا بھی درکار تھا۔ اس کے علاوہ دریافت یہ بھی ہوا کہ کئی افراد نے میرے نام کے سپیلنگ بدل کر ''نصرت جاوید'' کے نام سے اکاؤنٹ بنا رکھے ہیں۔ ان کے ذریعے جو اول فول بکی جاتی ہے وہ میری جہالت کا اشتہار ہونے کے علاوہ مجھے ناکردہ گناہوں کی وجہ سے خواہ مخواہ کی مشکلات میں بھی الجھا سکتی تھی۔

دریں اثناء ٹویٹر کو دنیا کے امیر ترین آدمیوں میں سے ایک -ایلان مسک- نے خرید لیا۔ ہر منافع خور سینٹھ کی طرح اس نے یہ پلیٹ فارم خریدتے ہی اس کے بے تحاشہ دیرینہ ملازمین کو فارغ کر دیا۔ صارفین کو بھی اس امر پر مجبور کیا کہ وہ اس پلیٹ فارم کے ذریعے زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچنے کے لئے ماہانہ یا سالانہ فیس ادا کریں۔ اس کے علاوہ لوگوں کو یقین دلانے کے لئے کہ آپ وہی ''نصرت جاوید'' ہیں جو یہ کالم لکھتا ہے سالانہ فیس ادا کر کے اپنے اکاؤنٹ کے ساتھ نیلے رنگ کی (ٹک) ثابت کرنے والی علامات حاصل کریں۔ تصدیق کے اس عمل کو بلیو ٹک کا نام دیا گیا۔ مجھے ٹویٹر کے مالک کا یہ حکم خصوص وجوہات کی بنا پر تسلیم کرنا پڑا۔ اپنا اے ٹی ایم لے کر ایک ایسے دوست کے پاس گیا جو کمپیوٹر کے اسرار و رموز سمجھتا ہے۔ اس نے میرے لیپ ٹاپ پر انگلیاں گھماتے ہوئے اکاؤنٹ کو بلیو ٹک دلوا دی۔

ایک سال گزر گیا تو مجھے یاد دلایا گیا کہ بلیو ٹک حاصل کرنے کے لئے میں نے جو اے ٹی ایم نمبر دیا ہے اس کے ذریعے سالانہ فیس ٹویٹر جواب ایکس کہلاتا ہے ازخود وصول کر سکتا ہے۔ اسے فقط میری اجازت درکار ہوگی۔ میں نے فوراً ہاں کر دی۔ میرے ہاں کہنے کے چند ہی گھنٹوں بعد میرے ٹیلی فون پر ادا کردہ رقم کی رسید وصول ہوگئی۔ اس عمل کے عین تین دن بعد مگر حکومت پاکستان نے اس پلیٹ فارم کے استعمال پر پابندی لگا دی۔ میں اس کالم کو کئی مہینوں تک X پر پوسٹ نہ کر پایا۔ اس کی عدم دستیابی سے روس-یوکرین جنگ اور اسرائیل کے غزہ پر تفصیلات سے بھی عموماً غافل رہا۔ ''تازہ ترین'' سے محرومی نے جی اداس کر دیا۔ فیس مگر ادا کر چکا تھا۔ اسے ضائع ہو جانے کا دکھ بھلانے میں مصروف ہو گیا۔ ٹویٹر کی علت سے شفایاب ہونے ہی والا تھا کہ کمپیوٹر کے اسرار و رموز سمجھنے والے ایک اور مہربان دوست نے میری سادگی کی لعنت ملامت کرتے ہوئے مجھے ''وی پی این'' نامی شے سے متعارف کروایا۔ اس کا استعمال بہت آسان تھا۔ میں نے یہ کالم زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچانے کی خاطر اسے استعمال کرنا شروع کر دیا۔ کبھی کبھار ''تازہ ترین'' بھی دیکھنے کو مل جاتی۔ اس کے علاوہ ٹی وی پر کبھی اپنی باتوں کے کلپ بھی لوگوں تک پہنچانا شروع ہو گیا۔

گزشتہ ماہ کے آخری ہفتے مگر میری سالانہ فیس کے دن تمام ہو گئے۔ میں حیران ہوا یہ سوچتا رہا کہ گزشتہ برس کی طرح اب کی بار مجھے سالانہ فیس کی ادائیگی کی یاد دہانی کیوں نہیں کروائی گئی۔ اس سوچ میں گرفتار تھا تو ای میل کے ذریعے پیغام آنا شروع ہو گیا کہ اے ٹی ایم کا جو نمبر میں نے X کو دے رکھا ہے اس کے ذریعے سالانہ ادائیگی جو اتنے پاکستانی روپوں کے برابر ہے فراہم کرنے سے انکار ہو رہا ہے۔

چند ہی ہفتے قبل میری بیوی کا بینک اکاؤنٹ تقریباً بیک ہو گیا تھا۔ بہت مشکل سے بچایا گیا۔ میں نے یہ فرض کر لیا کہ اب کوئی چکر باز میری بچت لوٹنے کے چکر میں ہے۔ ایسے پیغامات نظرانداز کرتا رہا۔ وجہ اس کی یہ تھی کہ گزشتہ برس X نے مجھ سے بلیو ٹک جاری رکھنے کے لئے باقاعدہ اجازت مانگی تھی۔

دو دن قبل میرے اکاؤنٹ سے مگر بلیو ٹک غائب ہو گئی۔ میں اس کے اجراء کے لئے مگر اپنے پاکستانی ڈیبٹ کارڈ سے X کو رقم ادا نہیں کر سکتا کیونکہ قانونی اعتبار سے ہمارے ہاں اس پلیٹ فارم کا استعمال ''ممنوع'' ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ ہمارے آئین کے مطابق وطن عزیز کے ''چیف ایگزیکٹو'' ٹھہرائے شہباز شریف صاحب اس پلیٹ فارم کو دنیا تک اپنی سوچ پھیلانے کے لئے بدستور استعمال کر رہے ہیں۔ عیدکے روز کسی بھی مسلمان ملک کے سربراہ کو ٹیلی فون کے ذریعے عید مبارک کہنے کے بعد وہ ہمیں اپنے ٹویٹر پر بنائے اکاؤنٹ کے ذریعے اس کے بارے میں مطلع کرتے رہے۔ سوال اٹھتا ہے کہ اگر میرے وزیراعظم پاکستان میں ''بین'' ہوئے اس پلیٹ فارم کو پیغام رسانی کے لئے استعمال کرتے ہیں تو میں یہ کالم اور اپنے دیگر ''گرانقدر'' خیالات X ہی کے ذریعے لوگوں کے روبرو کیوں نہیں لا سکتا۔ یہ سوال اٹھانے کے بعد تجسس کا مارا دل و دماغ یہ بھی جاننا چاہے گا کہ جب وزیراعظم کی سالانہ فیس ختم ہو جائے گی تو وہ اس پلیٹ فارم کے ذریعے میسر سہولت برقرار رکھنے کے لئے سالانہ فیس کیسے ادا کریں گے؟ جو ''بگاڑ'' ان کا سٹاف دریافت کرے گا X کے مجھ جیسے صارف بھی اس سے مستفید ہونا چاہیں گے۔

ایکس کہلاتے ٹویٹر نے میرے لئے جو پریشانی کھڑی کر رکھی ہے اس کی وجہ سے عید کی تعطیلات کے دوران سوشل میڈیا کے کئی پھیرے لگانے پڑے۔ ان پھیروں کی وجہ سے احساس یہ بھی ہوا کہ عمران خان کی بنائی تحریک انصاف بدستور اس میڈیا پر چھائی ہوئی ہے۔ عید کی تعطیلات کے دوران سوشل میڈیا پر سب سے زیادہ بحث امریکہ میں مقیم ان 5 پاکستانیوں کے بارے میں ہوئی جو مبینہ طور پر چند دن قبل ہمارے ریاست کے ایک طاقتور ادارے کے سربراہ سے ملنے ''خاموشی'' سے پاکستان آئے۔ امریکہ میں مقیم عاشقان عمران کی اکثریت یہ دعویٰ کر رہی ہے کہ مذکورہ افراد کو ''مجاہانہ'' دے کر دو دن کے لئے پاکستان بلایا گیا۔ ان سے گفتگو کے دوران درخواست ہوئی کہ امریکہ میں مقیم عاشقان عمران اگر چند دنوں کے لئے ''ہتھ ہولا'' رکھ لیں تو قائد تحریک انصاف کی مشکلات میں آسانیاں پیدا ہو جائیں گی۔ پاکستان آنے والے نہایت شدت سے یہ دعویٰ کر رہے ہیں کہ انہوں نے ''ہتھ ہولا'' رکھنے کا وعدہ نہیں کیا۔ ان کی نیت پر سوال نہ اٹھائے جائیں۔ عاشقان مگر انہیں معاف کرنے کو تیار نہیں۔ اس امر کو ڈنے بیٹھے ہیں کہ امریکی ایوان نمائندگان کے ایک رکن - جولسن - نے پاکستان کی عسکری قیادت کے امریکہ داخلہ پر پابندی لگانے کے لئے جو بل متعارف کروایا ہے اس کی حمایت کے لئے مزید اراکین امریکی پارلیمان کو تیار کرنے کا مشن جاری رہے گا۔ اپنی عمر کے 25 سے زیادہ برس پاک-امریکہ تعلقات کے بارے میں رپورٹنگ کی نذر کرنے کے بعد میں سمجھ نہیں پا رہا کہ ٹرمپ کے ہوتے ہوئے امریکہ میں جمہوریت کے لئے محبت اتنی شدید کیوں ہو گئی ہے۔

طاہر جمیل نورانی

برطانوی فلائٹ اپریشن کی متوقع بحالی

ملکی معیشت کے استحکام کے بارے میں ہمارے اکثر ماہرین معاشیات عوام اور ارباب اختیار کو جب بھی لیکچر دیتے ہیں تو ان کا ادا کیا یہ فقرہ کہ ''معیشت کے پیپوں'' کا توازن قائم رکھے بغیر مالی بحران پر قابو پانا ممکن نہیں۔ عوامی توجہ کا اس لئے بھی مرکز بن جاتا ہے کہ مذکورہ فقرے میں انہیں اپنے مسائل کے فوری اور موثر حل کی روشنی نظر آنے لگتی ہے مگر افسوس! اسکے بعد ''چراغوں میں روشنی'' باقی نہیں رہتی۔ معیشت کے پیپوں میں توازن کا درس دینے والے ہمارے یہ ماہرین معاشیات واقتصادیات نہ جانے یہ کیوں بھول جاتے ہیں کہ معاشی بحرانوں سے نمٹنے کیلئے ایسے پیپوں کی کارکردگی کا اظہار معاشی ہموار زمین اور کرگزرنے کے عمل پر ہوتا ہے مگر بدقسمتی سے قوم 76 برسوں میں کامیابی حاصل نہیں کر پائی۔

میں ماہر معاشیات ہوں اور نہ ہی ترقی پذیر ممالک کی معاشی اکائیوں کے بارے میں زیادہ معلومات رکھتا ہوں تاہم یہ ضرور جانتا ہوں کہ کسی بھی ملک کے معاشی و اقتصادی نظام کے استحکام کیلئے ریاستی شعبوں میں توازن پیدا کرنے کیلئے فرض شناسی' خوف خدا' ایمانداری اور عوامی خدمت کے حقیقی جذبہ کا ہونا ناگزیر ہے۔ معیشت کے استحکام کیلئے ایسے اوصاف اگر پیدا کر لئے جائیں تو پھر کسی ''پیپے'' کی ضرورت ہی باقی نہیں رہتی۔ یہ ''پیپے'' کیا ہوتے ہیں' یہ بھی ایک طویل موضوع ہے جس پر پھر کبھی سہی۔ تاہم تعمیر و ترقی اور خوشحالی کے جن پیپوں کے بل بوتے پر حکومتیں اور ادارے چلتے ہیں' ان میں ''معاشی استحکام' عدل و انصاف' دولت و سرمایہ کاری اور جمہوریت کے پیپوں کو ہرگز نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ اب اسے آپ اتفاق ہی کہہ لیں کہ ''پیپوں'' کا ذکر چل نکلا ہے تو مجھے اپنی قومی ایئرلائن پی آئی اے کے طیارے کا چند روز قبل ایک پیپے کے بغیر لاہور لینڈ کرنے کا وہ واقعہ یاد آ گیا جس پر پوری دنیا کی فضائی کمپنیاں حیران و پریشان ہیں۔ ایک وہیل کے بغیر طیارہ اڑانا اور پھر نہایت مہارت سے اسے لینڈ کرنا بلاشبہ ہمارے ہوابازوں کا ہی کمال ہے۔ ہر دوسرے تیسرے ماہ طیاروں کے دوران لینڈنگ یا ٹیک آف کے دوران پرندوں سے ٹکرانے کے واقعات کے بارے میں تو ''باکمال لوگ'' گزشتہ کئی دہائیوں سے سنتے چلے آ رہے تھے مگر ایک پیپے کے بغیر بوئنگ طیارے کا ٹیک آف اور لینڈنگ کا یہ پہلا ایسا دل جلا دینے والا واقعہ ہے جس نے دنیا کی متعدد جدید فضائی کمپنیوں کو بھی حیرانگی سے دوچار کر دیا ہے۔ واقعہ یوں ہے کہ پی آئی اے کی پرواز 306 کراچی انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے لاہور انٹرنیشنل ایئرپورٹ کیلئے جب محو پرواز ہوئی تو مبینہ طور پر گراؤنڈ انجینئرز' ٹیکنیشنز اور دیگر متعلقہ زمینی عملے نے طیارے کے پیپے چیک کرنے کی ضرورت ہی محسوس نہ کی اور ایک ٹائر کے بغیر ہی بوئنگ 306 کو لاہور کیلئے اڑان بھرنے کی اجازت دے دی۔ یوں طیارے کی جب لاہور لینڈنگ ہوئی تو معلوم ہوا کہ جہاز کا ایک Wheel لاپتہ ہے مگر کپتان نے پھر بھی طیارے کو بحفاظت زمین پر اتار لیا۔ اسے معجزہ کہہ لیں یا ماہ رمضان کی برکت کہ کپتان اور فرسٹ آفیسر نے اپنی پیشہ ورانہ مہارت اور صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے طیارے کو ایک بہت بڑے حادثے سے بچا لیا۔ طیارے کا کپتان بلاشبہ مبارکباد کا مستحق ٹھہرا مگر سوال یہاں یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا اڑان بھرنے سے قبل طیارے کا عمومی جائزہ گراؤنڈ سے لیا گیا؟ ٹیک آف سے قبل کپتان اور انجینئرنگ عملے کے دستخطوں کے وقت طیارے کے گراؤنڈ پارکنگ اور ''جیٹی'' سے علیحدہ کرنے کے عمل کے وقت طیارے کی باڈی کا آخری ریویو کیا گیا؟؟ بوئنگ طیارہ کیا اتنا ہی چھوٹا تھا کہ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کو اسکے 18 انچ یا 21 انچ چوڑائی اور 46 انچ یا 52 انچ کے ڈایامیٹر کے Wheels نظر ہی نہ آ سکے؟ سوال اور بھی بہت ہیں مگر کیا کریں، پھر اپنا وہی گھسا پٹا پنجابی جملہ کہ ''اپنا بیڈ ہ ننگا'' کرنے کا اب کیا فائدہ؟ یہ ایک ایسا معمہ بن گیا ہے جس سے ''اپنی لاجواب سروس'' نے ایک مرتبہ پھر جگ ہنسائی کا موقع فراہم کر دیا ہے۔

مجھے اور میری طرح کے اعشاریہ 7 ملین برطانوی پاکستانیوں کو فکر اب یہ لاحق ہے کہ مذکورہ واقعہ کی طرح آئندہ ماہ اپریل 2025ء میں برطانیہ آنے والی پروازوں کی متوقع بحالی میں پی آئی اے کا وقار اور اعتماد سرفہرست ہے۔ اگلے روز ہمارے ہائی کمشنر ڈاکٹر محمد فیصل بھی یہ خوشخبری دے چکے ہیں اس لئے مجھے پی آئی اے کی انتظامیہ سمیت ''بڑے اور چھوٹے صاحبوں'' سے ہاتھ باندھ کر یہ درخواست کرنی ہے کہ متوقع برطانوی اپریشن پر ملکی اور غیرملکی مسافروں کا اعتماد بحال کرنے اور قومی پرچم کو مزید باوقار بنانے کیلئے وہ طیاروں کی مکمل سیفٹیز' ہائیڈرالک سسٹم' سیفٹی' مقررہ وقت پر فلائٹ شیڈول' طیارے کا اندرونی انٹیریئر' ٹائلٹس' سیٹ بیلٹس' حفاظتی بند' اے سی' سٹیرنگ ٹی وی، ایئرفون اور نشستوں کے آرام کو یقینی بنانے کیلئے خصوصی ٹیمیں تشکیل دیں تاکہ سٹیشن اور کنٹری منیجرز کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے بغیر وقت ضائع کئے ہیڈ آفس اطلاعات پہنچا سکیں۔ میرے ذرائع کے مطابق یونگ ٹرپل سیون طیاروں کو برطانوی روٹ پر استعمال کیا جائیگا جو محفوظ ترین اور کشادہ طیارے ہیں۔ ڈی اوٹی کی برطانوی ایئرسیفٹی کمیٹی کے ارکان نے اپنے حالیہ اجلاسوں میں پی آئی اے کی دوبارہ بحالی کا ارادہ ظاہر کر لیا ہے اس لئے میری حکومت وقت سے بھی یہ درخواست ہوگی کہ قومی ایئرلائن کو مبینہ طور پر فنی شعبے میں دینے سے قبل برطانوی پاکستانیوں کے اعتماد کی بحالی کو ہر حال میں یقینی بنایا جائے۔ ماہ صیام کے آخری عشرے کا دو روز بعد اختتام ہونے والا ہے۔ اس ماہ مبارک میں دنیا بھر میں پھیلے پاکستانیوں نے جہاں 85 واں یوم تجدید عہد اور پاکستان کے قیام کی خوشیاں منائیں' وہیں لیلۃ القدر کی تلاش میں خوب عبادات کیں۔

ہائی کمیشن لندن کے سبزہ زار پر سخت سردی کے باوجود 23 مارچ کے حوالے سے ایک پروقار تقریب ہوئی۔ ہائی کمشنر ڈاکٹر فیصل نے پرچم کشائی کی' قاری عبدالرشید کی تلاوت قرآن پاک سے تقریب کا آغاز ہوا جس میں صدر پاکستان' وزیراعظم اور ڈپٹی وزیراعظم کے خصوصی پیغامات پڑھ کر سنائے گئے۔ تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات سمیت ڈپٹی ہائی کمشنر حسیب بن عزیز' منسٹر انفارمیشن علی نواز' فرسٹ سیکرٹری اعجاز اور آرمی و ایئرفورس، نیوی اتاشیوں اور ہائی کمیشن کے دیگر

احسن انصاری

مدارس کی تعداد میں اضافہ اور اخلاقی گراوٹ: ایک تلخ حقیقت

قیام پاکستان کے وقت ملک کی آبادی تقریباً 5.3 کروڑ تھی اور اس وقت کل مدارس کی تعداد صرف 190 تھی۔ آج پاکستان کی آبادی 25 کروڑ کے قریب پہنچ چکی ہے اور مدارس کی تعداد 35 سے 40 ہزار سے تجاوز کر چکی ہے۔ اگر اعداد و شمار کا موازنہ کیا جائے تو یہ حقیقت عیاں ہوتی ہے کہ جہاں آبادی تقریباً 7 گنا بڑھی، وہیں مدارس کی تعداد میں 211 گنا اضافہ ہوا۔ بظاہر، یہ ایک خوش آئند بات معلوم ہوتی ہے کہ دینی تعلیم کے مراکز میں اتنی وسعت پیدا ہوئی، لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا اس کا معاشرتی اور اخلاقی ترقی پر کوئی مثبت اثر پڑا؟

اگر ہم موجودہ معاشرتی صورتحال پر نظر ڈالیں تو اخلاقی زوال کی ایک المناک تصویر سامنے آتی ہے۔ آج پاکستان میں لاکھوں حفاظ قرآن، ہزاروں علمائے کرام، مفتیانِ دین، فضلائے مدارس، شیخ الاسلام، شیخ الحدیث اور کروڑوں حاجی موجود ہیں۔ دینی تعلیم کا فروغ اور مذہبی اداروں کی وسعت کے باوجود معاشرہ اخلاقی اعتبار سے روز بروز زوال کا شکار ہوتا جا رہا ہے۔ سچائی اور دیانت داری کا فقدان، کرپشن، دھوکہ دہی، جھوٹ، منافقت، عدم برداشت، فرقہ واریت اور شدت پسندی جیسے مسائل دن بہ دن بڑھ رہے ہیں۔ اسلامی تعلیمات کا اصل مقصد فرد کی اصلاح اور معاشرے میں عدل و انصاف کو فروغ دینا ہوتا ہے، لیکن بدقسمتی سے ہم نے مدارس کو محض تعلیمی مراکز کے طور پر اپنایا، جہاں علوم دینیہ کی تدریس تو ہوتی ہے لیکن اخلاق و کردار سازی کا پہلو نظرانداز کر دیا گیا ہے۔

یہ المیہ ہے کہ ہمارے معاشرے میں مذہبی طبقہ اگرچہ تعداد میں بڑھ چکا ہے لیکن اس کا عملی اثر کمزور ہو چکا ہے۔ افراد عبادات میں مشغول تو نظر آتے ہیں، لیکن اخلاقی اقدار کی پاسداری کرتے دکھائی نہیں دیتے۔ حج، نماز، روزہ اور دیگر عبادات کا فروغ ضرور ہوا ہے لیکن ان کے اثرات عملی زندگی میں کم دکھائی دیتے ہیں۔ ہمیں یہ سوچنے کی ضرورت ہے کہ دینی تعلیم کو محض رسمی یا روایتی انداز میں پڑھانے کے بجائے اسے عملی اخلاقی تربیت سے کیسے جوڑا جائے؟ مدارس کو جدید سائنسی اور معاشرتی علوم سے ہم آہنگ کرتے ہوئے طلبہ کو بہترین اخلاقی تعلیم دینا ہوگی تاکہ وہ ایک مثالی مسلمان اور اچھے شہری بن سکیں۔ دین اسلام محض ظاہری عبادات تک محدود نہیں بلکہ اس کا اصل حسن معاملات میں بہتری اور کردار کی عظمت میں پوشیدہ ہے۔ جب تک ہم مدارس اور مساجد کو اخلاقی تربیت کا حقیقی مرکز نہیں بنائیں گے، معاشرے میں حقیقی تبدیلی ممکن نہیں ہوگی۔

مدارس کے نصاب میں اخلاقی اور سماجی علوم کو شامل کیا جائے تاکہ طلبہ صرف دینی تعلیم تک محدود نہ رہیں بلکہ ان کے کردار کی تعمیر بھی ہو۔ مدارس کے اساتذہ کی تربیت میں اخلاقی اور معاشرتی پہلوؤں کو بھی شامل کیا جائے تاکہ وہ بچوں کو بہتر عملی رہنمائی فراہم کر سکیں۔ دینی اور جدید تعلیمی اداروں کے درمیان باہمی تعاون کو فروغ دیا جائے تاکہ مدارس کے طلبہ بھی جدید دنیا کے چیلنجز کا سامنا کر سکیں۔ عوامی سطح پر اخلاقی تربیت کے لیے مختلف مہمات چلائی جائیں جن میں سچائی، دیانت داری، صبر، برداشت اور بھائی چارے کو فروغ دیا جائے۔ مدارس کے طلبہ کو سماجی خدمات، فلاحی کاموں اور کمیونٹی سروس میں شامل کیا جائے تاکہ وہ معاشرے میں مثبت کردار ادا کر سکیں۔ علماء کرام کو چاہیے کہ وہ اپنے خطبات اور دروس میں صرف فقہی مسائل پر گفتگو نہ کریں بلکہ لوگوں کو اخلاقیات، حسن سلوک اور عملی زندگی میں دین کے اطلاق کے بارے میں بھی رہنمائی دیں۔ جب تک دینی تعلیم کے ساتھ عملی اور اخلاقی تربیت کو بھی شامل نہیں کیا جاتا، معاشرے میں مثبت تبدیلی ممکن نہیں ہوگی۔ اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے جو محض عقائد اور عبادات تک محدود نہیں بلکہ ایک بہترین انسان اور ذمہ دار شہری بنانے پر بھی زور دیتا ہے۔

ڈاکٹر محمد یوسف

اسلاموفوبیا اور توہین آمیز کارٹون کیوں؟

اے اہل مغرب! اے اہل کتاب! اسلام تمہارا دشمن نہیں۔ یاد رکھئے! 613ء تا 615ء میں فارس کے آتش پرستوں اور روم کے عیسائیوں کے درمیان جنگ ہوئی تھی اور فارس کی فوج نے عرب کے قریب کی سرزمین پر یعنی شام اور فلسطین اور اردن پر قبضہ کر لیا تھا اور اس جنگ میں رومی مغلوب ہو گئے تھے۔ اس مشکل وقت میں مکہ کے مسلمانوں اور ہمارے قرآن اور ہمارے پیارے رسولؐ کی وجہ سے روم کے عیسائی بادشاہ ہرقل کو شام اور فلسطین اور اردن واپس مل گئے تھے جن پر فارس کے آتش پرست بادشاہ خسرو پرویز نے قبضہ کر لیا تھا۔ (سورۃ روم۔ القرآن)۔ یاد رکھو! 613ء میں ہمارے پیارے رسولؐ کے زمانے میں پرشین ایمپائر کے آتش پرستوں نے رومن ایمپائر کے عیسائیوں پر حملہ کیا تھا اور عرب کے قریب کی سرزمین پر یعنی د

بقیہ 1

رہا ہے مگر عمران خان نے اس بارے کسی کو بھی کوئی نیا ٹاسک نہیں دیا۔ جاری بیان میں بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا کہ پاٹی پی ٹی آئی سے ملاقات میں حکومتی معاملات، دہشت گردی اور افغانستان کے امور پر تبادلہ خیال ہوا۔ عمران خان نے وزیراعلیٰ کو حکومتی معاملات، جبکہ مجھے دہشت گردی اور افغانستان کے مسئلے سے متعلق ہدایات دیں۔ بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا کہ عمران خان نے واضح طور پر کہا کہ وہ اپنی رہائی اور ذاتی فائدے کے لیے اسٹیبلشمنٹ سمیت کسی سے بات چیت نہیں کریں گے، عمران خان نے کہا کہ ملک کی معاشی ترقی اور سیاسی استحکام میرے لیے سب سے مقدم ہے۔ مشیر اطلاعات کے پی نے کہا کہ عمران خان نے بتایا کہ معاشی ترقی سیاسی استحکام کے بغیر ممکن نہیں اس لیے سیاسی استحکام کے لیے پی ٹی آئی کو تسلیم کرنا ہوگا اور اسے دیوار سے لگانے کی کوشش بند کرنا ہوگی۔ پی ٹی آئی ایک حقیقت ہے اور اسے تسلیم کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا ذرائع کے نام پر اسٹیبلشمنٹ سے مذاکرات شروع کرنے کی خبریں چلا رہا ہے مگر عمران خان نے اس بارے کسی کو بھی کوئی نیا ٹاسک نہیں دیا، میڈیا بغیر تصدیق کے ذرائع سے خبریں نشر کرنے سے گریز کرے۔

بقیہ 2

پر 34، یورپی یونین پر 20 فیصد ٹیرف عائد کرے گا، سعودی عرب، قطر اور افغانستان پر دس، دس فیصد ٹیرف عائد ہوگا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ بنگلا دیش پر 37، جاپان پر 24، اسرائیل پر 17 اور برطانیہ پر 10 فیصد ٹیرف عائد کریں گے، گاڑیوں کی درآمد پر 25 فیصد اضافی ٹیکس عائد کریں گے، جوابی ٹیرف کا نفاذ امریکا کیلئے اچھا ہوگا، دوسرے ممالک کے ٹیرف سے امریکا کو نقصان پہنچا۔ ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ آج ہماری اقتصادی آزادی کا دن ہے، محصولات سے حاصل رقم کو اپنے ٹیکسوں کو کم کرنے کیلئے استعمال کریں گے، برسوں امریکی شہریوں کو سائیڈ لائن رکھا گیا، دوسری قومیں طاقتور بن گئیں۔ امریکی صدر کا مزید کہنا تھا کہ اب امریکا کی خوشحالی کی باری ہے، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جوابی ٹیرف کے ایگزیکٹو آرڈر پر دستخط بھی کر دیئے۔

بقیہ 3

بجٹ کی تیاری کے سلسلے میں آئی ایم ایف کا وفد آج جمعہ سے پاکستان کے دورے پر آئے گا۔ ذرائع کے مطابق وفد آئندہ مالی سال کے بجٹ بشمول ٹیکس ریونیو اقدامات، اخراجات پر کنٹرول اور دیگر ترقیاتی اخراجات کے بجٹ کے حوالے سے پاکستانی حکام کے ساتھ مذاکرات کرے گا۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ آئندہ مالی سال کا وفاقی بجٹ جون کے پہلے ہفتے میں پیش کیا جائے گا اور اس سے قبل بجٹ کو حتمی شکل دینے کیلئے آئی ایم ایف کی ٹیم پاکستان حکام سے مل کر تجاویز تیار کرے گی۔

بقیہ 4

ملک کو غربت کی طرف دھکیلا، اگر جڑ سے اکھاڑ کر نہ پھینکا تو یہ ریلیف اور آئندہ آنے والے ریلیف بے معنی ہو جائیں گے، معیشت کی بہتری کیلئے سرجری کرنی ہوگی، اینٹی بائیوٹک سے کام نہیں چلے گا۔ اسلام آباد میں بجلی کی قیمتوں میں کمی کے پیکیج کے اعلان کیلئے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ آج عید کے موقع کی مناسبت سے پاکستان کی معاشی ترقی و استحکام کیلئے ایک اور اچھی خوش خبری سنانے کیلئے آیا ہوں، اللہ کے فضل سے وہ وعدہ پورا ہوا جس کا نواز شریف نے (ن) لیگ کے منشور میں اعلان کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ جون 2024ء میں گھریلو صارفین کیلئے بجلی کی قیمت 48 روپے 70 پیسے تھی وہ اس وقت 45 روپے 5 پیسے فی یونٹ ہے، آج گھریلو صارفین کیلئے مزید 7 روپے 41 پیسے فی یونٹ کمی کر رہے ہیں، گھریلو صارفین کو 34 روپے 37 پیسے فی یونٹ بجلی ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ صنعتوں کیلئے بجلی کی قیمت فی یونٹ 58 روپے 50 پیسے تھی، سب کی کاوشوں سے وہ قیمت 48 روپے 19 پیسے ہو چکی ہے، آج اس میں مزید 7 روپے 59 پیسے کمی کا اعلان کر رہا ہوں جس کے بعد صنعتی صارفین کیلئے فی یونٹ 40 روپے 60 پیسے ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی ذمہ داری سنبھالی تو ملک ڈیفالٹ ہونے والا تھا، آئی ایم ایف کوئی بات سننے کو تیار نہیں تھا، پوری قوم خوف زدہ تھی کی حالات کس کروٹ بیٹھیں گے، ہم نے انتہائی دشوار گزار سفر طے کیا اور ملک کو ڈیفالٹ سے باہر لے آئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے دیوالیہ ہونے کی باتیں کرنے والے خوشی سے مرے جا رہے تھے کہ پاکستان اب دیوالیہ ہو کر رہے گا مگر ایسا نہ ہوا، یہ وہی لوگ تھے جنہوں نے آئی ایم ایف سے معاہدہ کیا اور اسے توڑا۔ وزیراعظم نے کہا کہ میں کھلے دل کے ساتھ اس حقیقت کا اعتراف کرتا ہوں کہ اس سارے عمل میں آرمی چیف جنرل سید محمد عاصم منیر اور ان کے رفقائے کار کا مجھے اور میری ٹیم کو بھرپور تعاون حاصل رہا اور کلیدی کردار رہا۔ شہباز شریف نے کہا کہ گزشتہ دور میں بجلی کے زائد نرخ نے لوگوں کو بے روزگار کیا، بجلی کا بل بھرنے والا سوچتا تھا کہ بچے کی دوائی کیسے خریدوں؟ یہ عوام کا قربانی بھرا دور ہے، آج میں ایک ادنیٰ سا خدمت قوم کو دینا چاہتا ہوں، قوم کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا، ہمارے قائد نواز شریف مشورہ میں کہا تھا کہ مہنگائی 2026 میں سنگل ڈیجٹ میں لے آئیں گے مگر یہ وعدہ 2025 میں ہی پورا ہو گیا، ایک سال میں پیٹرول کی قیمت میں 38 فیصد کمی آئی، اس پورے خطے میں پیٹرول کی قیمت سب سے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سال محصولات کی وصولی میں 35 فیصد اضافہ کرنے جا رہے ہیں، گزشتہ سال یہ شرح 30 فیصد تھی، اس سے قرض لینے میں کمی آجائے گی یہی بہتر ہے کہ ہم اپنی آمدنی خود پیدا کریں۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کی زائد قیمت ترقی کی راہ میں ہمالیہ کی مانند رکاوٹ ہے، ہماری زراعت، ایکسپورٹ اور صنعت کچھ بھی ترقی نہیں کر سکتی، جو ہو گیا سو ہو گیا، ہم ایک مشکل سفر طے کر کے آئے ہیں، بجلی سے متعلق بنائی گئی ٹاسک فورس یہاں موجود ہے جس نے دن رات کوششیں کیں جس نے بڑی مشکل سے آئی ایم ایف کو منایا، انہوں نے اچھے اچھے آپشن پیش کیے مگر آئی ایم ایف نے ہم نے انکار کیا، ہم نے پھر کوششیں کیں خدا خدا کر کے کنفرم کیا اور آئی ایم ایف راضی ہوا یوں سمجھیں کہ آئی ایم ایف نے ہم پر احسان کیا اور بجلی کی قیمت میں کمی کی اجازت دی۔ آئی پی پیز کے معاملے پر انہوں نے کہا کہ میں تفصیل میں نہیں جانا چاہتا، آئی ایم ایف سے کہا کہ آپ نے بہت کما لیا اب قوم کو کچھ دیں اور بات کریں، اس ٹاسک فورس نے جس طرح آئی پی پیز سے بات کی اسے سراہا جائے، ٹیم کو سردار اویس لغاری نے لیڈ کیا، جنرل ظفر، محمد علی، سیکرٹری پاور و دیگر مبارک باد کے مستحق ہیں، اس ٹیم نے قوم کے تین ہزار 696 ارب روپے بچائے ہیں یہ وہ رقم ہے جو اگلے برسوں میں ادا ہونے جا رہی تھی۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کا سرکلر ڈیٹ یعنی گردشی قرضہ دو ہزار 393 ارب روپے کا ہے اس کا بھی بندوبست کر لیا گیا ہے اگلے پانچ برس میں یہ قرضہ ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گا اور گردش نہیں کرے بشرطیکہ ہم اپنا چال چلن تبدیل کریں۔ وزیراعظم نے کہا کہ جنکو پاور پلانٹس سالہا سال سے بند پڑے ہیں ایک یونٹ پیدا نہیں ہو رہا مگر سالانہ اربوں روپے دیے جا رہے ہیں اس سے بڑا ظلم قوم پر کیا ہوگا؟ نقصان قوم کے بلوں میں جا رہا ہے، یہ کینسر ہے جسے جڑ سے کاٹنا ہوگا، ہدایت دی کہ اس جنکو پلانٹ کو شفاف طریقے سے بیچ جائے، قبل ازیں ایک پاور پلانٹ بیچا ہے بند شدہ جو 9 ارب روپے میں بیچا ہے اس کا سالانہ سات ارب روپے خرچہ تھا، یہ کسی ایک حکومت کا پیدا کردہ نہیں 77 سالہ بوجھ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس کے مقدمات میں تیزی لانے پر چیف جسٹس کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے ایک ملاقات میں میری گزارشات سنیں، سندھ ہائی کورٹ نے صبح اپنے آرڈر ختم کیا اور شام کو 23 ارب روپے قومی خزانے میں آگئے۔ انہوں نے کہا کہ سالانہ 600 ارب روپے کی بجلی چوری ہوتی ہے ہمیں اس چوری کا خاتمہ کرنا ہے، اوپن مارکیٹ قائم کر کے بجلی سستی کرنی ہے، ڈسکوز کو فوری طور پر پرائیوٹ کرنا ہوگا، یہ اگلے اہداف ہیں، زندگی رہی تو بجلی کی قیمت مزید کم کریں گے۔

بقیہ 5

بلایا جا رہا اور کون سی نہر بند کر کے چولستان کینال کو پانی دیں گے؟۔ وہ پی پی وسطی پنجاب سیکرٹیریٹ ماڈل ٹاؤن میں پارٹی رہنماؤں عثمان ملک، چودھری ریاض، راؤ خالد اور کیم صابر کیساتھ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ چودھری منظور نے حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ آپ کا رپورٹ فارمنگ کے نام پر پنجاب کے چھوٹے کاشتکاروں کا قتل کر رہے ہیں، پیپلز پارٹی یہ نہیں ہونے دیگی، ہم ہر جگہ کاشتکاروں کیساتھ کھڑے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ آپ نے نان ایشو کھڑا کیا، پہلے 2 صوبوں کے حالات خراب ہیں اب تیسرے میں بھی کرنا چاہتے ہیں۔ یہ منصوبہ بالکل فزی ایبل نہیں، بتائیں کون سی نہر بند کر رہے ہیں۔ چودھری منظور نے واضح کیا کہ صدر مملکت صرف پارلیمنٹ کے بل اور آرڈیننس کی منظوری دیتے ہیں، وہ ایک میٹنگ تھی جس کے منٹس کو غلط طریقے سے پھیلایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں پانی کا مسئلہ بہت حساس ہے اور اس پر پاک بھارت مسئلہ رہا ہے۔ آپ چولستان کینال بنا رہے ہیں جس سے بنجر رقبہ آباد کیا جائے گا، پہلے کہتے ہیں کہ یہ صرف سیلاب کے دنوں میں چلے گی۔ کئی نہروں پر سندھ میں بہت احتجاج ہو رہا ہے۔ چودھری منظور نے واضح کیا کہ سیلاب جولائی سے ستمبر تک آتے ہیں۔ بتایا جائے کہ چولستان کینال کو کب سے پانی دیں گے، باقی 9 ماہ اس کینال کو کہاں سے پانی دیں گے، وہاں زمینیں دینے والوں کو 9 ماہ کیسے پانی دیں گے۔ ممبر سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی نے کہا کہ کہتے ہیں کہ 14 ڈی بھال کر بیٹھے۔ آپ یہ کر سکتے ہیں یہ ہر صوبے کا حق ہے مگر پاکستان کے نہری نظام میں 20 فیصد پانی پہلے سے کم ہے، اس وقت 195 بلین کیوسک پانی ہے جبکہ 20 فیصد سسٹم سے غائب ہو چکا ہے۔ انہوں نے زور دیکر کہا کہ اس پانی کی کمی کو تمام صوبوں میں تقسیم ہونا ہے۔ چودھری منظور نے کہا کہ یہ پنجاب اور چولستان کا مسئلہ ہے جس سے اوکاڑہ، ساہیوال، رحیم یار خان، بہاولنگر سب متاثر ہوں گے۔ میڈیا سوالوں کے جواب میں چودھری منظور نے کہا کہ یہ انسانی تاریخ کا پہلا واقعہ ہے جس میں ریورس انجینئرنگ کر رہے ہیں، ماہرین بھی حیران ہیں کہ یہ کیا ہو رہا ہے؟۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ جو بھی نئی نہر نکالتے ہیں اس کا چودہ فیصد ضائع ہو جاتا ہے جبکہ چولستان نہر کا چالیس فیصد ضائع ہونے کا خدشہ ہے، آپ چولستان میں کتنے تالاب بنائیں گے۔ وہاں کائی جم جائے گی۔ چودھری منظور کا کہنا تھا کہ حکومت نے مالیہ میں دس گنا اضافہ کر دیا ہے۔ چودھری منظور نے کہا کہ سسٹم میں پانی موجود نہیں، جس صوبے کا مسئلہ ہے اسکے لوگ بات کریں۔ پاکستان میں چار پانچ برس کے بعد زیادہ پانی آتا ہے۔ پیپلز پارٹی نے اپنے دور میں کسانوں کو بہترین سپورٹ پرائس دی لہٰذا اگلی معیشت کو کھڑا کرنا ہے تو ایگریو بیسڈ اکانومی لانا پڑے گی۔ کپاس ہماری ضرورت سے کم پیدا ہو رہی ہے۔ زراعت پر ٹیکس پر ٹیکس لگایا جا رہا ہے۔ کسان تباہ ہوگا تو ملک تباہ ہو گا۔ یہ سمجھنے کی ضرورت ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ سنا ہے وزیراعظم آج حاتم طائی کی قبر پر لات مار رہے ہیں، 65 روپے یونٹ بجلی پیدا کر کے 6 روپے کمی کی جا رہی ہے۔ خیریں قومی منصوبے نہیں یہاں تماشا لگایا جا رہا ہے۔ ہم الائنس کو نہیں، ایشو بائیشو حکومت کو سپورٹ کر رہے ہیں۔

بقیہ 6

ہے گھریلو صارفین کے لیے بجلی کی قیمت 7.41 روپے فی یونٹ کم کر دی گئی ہے جبکہ دوسری طرف ادارہ شماریات کے مطابق بجلی کی قیمت 6 روپے فی یونٹ ہے۔ مزمل اسلم نے مزید کہا کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ اب حکومت صارفین کو بجلی استعمال کرنے پر 41.1 روپے فی یونٹ واپس کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہائی پی ٹی آئی کے دور میں جب تیل کی قیمت 124 ڈالر فی بیرل تھی، بجلی کی قیمت ٹیکس سمیت 25 روپے فی یونٹ تھی لیکن آج بجلی کی قیمت 65 روپے فی یونٹ ہے۔ مزمل اسلم نے وزیراعظم سے سوال کیا کہ کیا انہوں نے قیمتوں میں کمی 25 روپے سے کی ہے یا پھر 65 روپے سے؟۔

بقیہ 7

منعقد ہوگا۔ ترجمان او جی ڈی سی ایل کے مطابق پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2025ء میں عالمی اور مقامی سرمایہ کاروں کی آمد متوقع ہے۔ حکومت کی نئی منرل پالیسی 2025ء سے سرمایہ کاری کے وسیع مواقع پیدا ہوں گے۔ ترجمان نے کہا کہ ریکوڈک منصوبے سے 2028ء تک سونے اور تانبے کی پیداوار کی توقع ہے۔ پاکستان کی معدنی برآمدات سالانہ 2.8 بلین ڈالر تک پہنچنے کی امید ہے۔

بقیہ 8

رکھتے ہیں، رہنماؤں کو ملاقات کی اجازت نہیں دی گئی، بائیکاٹ کے حکم کی خلاف ورزی کی جا رہی ہے۔ راولپنڈی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے نیاز اللہ نیازی نے کہا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ کے لارجر بینچ کے حکم کی بار بار خلاف ورزی کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ہائی پی ٹی آئی سے ملاقات کیلئے 11 بجے جیل پہنچے، کسی رہنما کو ملاقات کی اجازت نہیں دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ جیل انتظامیہ کو رہنماؤں کی فہرست بھی بھیجی گئی ہے۔

بقیہ 9

مطابق پنجاب تھرمل اپگریڈ کی جدید ٹیکنالوجی استعمال کرنے والا پہلا صوبہ بن گیا، مری اور راولپنڈی کے جنگلات میں تھرمل اپگریڈ سے گنجائش، رات کا گشت شروع کر دیا گیا، تھرمل اپگریڈ سے جنگل میں آگ، درختوں کی کٹائی اور غیر قانونی سرگرمیوں کی فوری اطلاع ممکن ہوگئی۔ جدید ٹیکنالوجی سے درجہ حرارت کا پتہ لگایا جاتا ہے، سیٹلائٹ کے ذریعے لی جانے والی تصاویر اور لائیو فیڈ سے متعلقہ علاقے میں تمام سرگرمیاں دیکھی جا سکتی ہیں، آر پی فیش ایکسپلیس کے ماہرین کی ٹیم کے ذریعے منصوبے پر عمل ہوگا۔ جدید ٹیکنالوجی کا خودکار نظام فوری نشاندہی کرے گا، ڈیٹا پروسیسنگ، تجزیہ، اور اطلاعات پر مبنی رپورٹس بھی فراہم کرے گا، تھرمل اپگریڈ جدید ترین الگورتھم سے کام کرے گی، جدید ممالک کی طرح اس ٹیکنالوجی سے زراعت، حیوانات اور ماہی گیری کے منصوبوں کے فروغ میں بھی مدد لی جائے گی، شکار کے علاوہ جنگلی حیات اور جنگلات کے وسائل کے تحفظ اور فروغ میں بڑی مدد ملے گی۔ پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ جنگل کاٹنے دیں گے نہ آگ لگانے دیں گے نہ غیر قانونی شکار ہوگا، یہ غیر قانونی کام کرنے والے مجرموں کا جدید ٹیکنالوجی سے اب شکار ہوگا، تھرمل ٹیکنالوجی سے امن وامان کے حوالے سے بھی مدد لی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ پنجاب کے شہروں اور جنگلات دونوں میں جرائم پیشہ سرگرمیوں کے تدارک میں تھرمل اپگریڈ ٹیکنالوجی سے مدد ملے گی۔

بقیہ 10

کہا ہے کہ مئی کے مہینے کا بل قیمت میں کمی کے ساتھ آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ کمرشل صارفین کا جون میں 71 روپے ریٹ تھا، اب 62 روپے 47 پیسے ہوگا، کمرشل صارفین کے ریٹ میں 12 فیصد کمی آئی ہے۔ اویس لغاری نے کہا کہ ڈسکوز کی نجکاری ہو رہی ہے، دو کروڑ صارفین کے بلوں میں تقریباً بجلی کی قیمتوں میں 48 سے 56 فیصد کمی آئی ہے، یہ متوسط طبقے کے لیے بہت بڑی کمی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گھریلو صارفین کے 6 مختلف سلیب ہیں، جون میں بجلی کا ریٹ کیا اور اب کتنی کمی ہوگی، تفصیلات شیئر کریں گے۔

بقیہ 11

کم ہو، فی یونٹ قیمت میں اتنی کمی ہونی چاہئے تاکہ صنعتوں کا پہیہ چل سکے اور ملک کی اقتصادی حالت بہتر ہو۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ وزیراعظم کے فیصلے کے بعد جماعت اسلامی آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کرے گی، ان کا کہنا تھا کہ بجلی کی قیمتوں میں کمی عوام کے مفاد میں ہونی چاہئے تاکہ معاشی مشکلات کا سامنا کرنے والے عوام کو کچھ ریلیف مل سکے۔

بقیہ 12

گھر کی دہلیز پر دوا اور ڈاکٹر مہیا کرتا ہے۔ تمام آبادی کا علاج نہیں کر سکتے جدید دنیا کو سامنے رکھ کر ٹیلی میڈیسن پر جانا چاہیے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ 1.2 ارب کی لاگت سے 7 آپریشن تھیٹر بنائے گئے ہیں۔ جدید آپریشن تھیٹر میں اسٹیٹ آف دا آرٹ سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ چیزیں آئیڈیل نہیں لیکن بہتری کی گنجائش موجود ہے۔ پھر کو پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ پر دینے کا منصوبہ زیر غور نہیں ہے۔ ہیلتھ کارڈ پر آنے والے دنوں پر کام کریں گے۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ صحت کا شعبہ اللہ کی مخلوق سے منسلک ہے۔ انسان جب تکلیف میں ہوتا ہے تو اسپتالوں کی طرف آتا ہے۔ غریب سرکاری اسپتالوں میں آتا ہے جبکہ امیر پرائیوٹ اسپتال جا سکتے ہیں۔

بقیہ 13

اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمیں عدالتی حکم کے باوجود بانی سے ملاقات نہیں کرنے دی گئی، جمعرات کی ملاقات کی لسٹ بانی خود فائل کر کے وکلا کے حوالے کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پتا نہیں کس کے کہنے پر ملاقات کی اجازت نہیں دی جا رہی، بانی کی اڑھائی ماہ سے بچوں سے بات نہیں ہونے دی گئی، بہنوں سے ملاقات نہیں کرنے دی گئی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ بانی پی ٹی آیہ کو عید کی نماز نہیں پڑھنے دے گئی، ہم کیسے مملکت اسلامی پاکستان میں رہ رہے ہیں؟ جہاں بانی کو عید کی نماز نہ پڑھنے دی جا رہی ہو تو پیچھے کیا چیز رہ جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بار بار توہین عدالت کر رہے ہیں، امید کرتے ہیں جج صاحبان اپنے احکامات پر عملدرآمد کروائیں، اگر ججز اپنے احکامات پر عمل درآمد نہ کروا سکے تو بہتر ہے استعفیٰ دیکر گھر چلے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا وفد بلوچستان گیا ہوا ہے، مشکل سے وہ اختر مینگل کے قافلے سے جا کر ملے۔ عمر ایوب نے کہا کہ بلوچستان کی حکومت نے انکا راستہ روکا ہم اسکی مذمت کرتے ہیں، ہم کہتے رہے کہ 8 اضلاع میں حکومت کی رٹ نہیں ہے، محسن نقوی نے کہا بلوچستان ایک ایس ایچ او کی مار ہے کہاں ہے وہ ایس ایچ او، انتظامیہ خود اعلان کر رہی ہے کہ بلوچستان لا اینڈ آرڈر نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو صرف بانی پی ٹی آئی اکھا کر سکتے ہیں۔

بقیہ 14

نے بتایا کہ عالیہ حمزہ کو کام کرنے میں رکاوٹ کا سامنا ہے۔ بانی پی ٹی آئی کے پوچھنے پر اعظم سواتی نے ان کا نام لیا۔ حماد اظہر کے مطابق جب انہوں نے عالیہ حمزہ سے استفسار کیا تو انہوں نے کسی بھی رکاوٹ پر حیرت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس مسئلے کا آسان حل موجود ہے، کیونکہ ان کے اختیارات پہلے ہی چارٹر بینچ صدور کو جون 2024 میں منتقل کیے جا چکے تھے۔ یہاں تک کہ ان کے اپنے حلقے کی تنظیم بھی ان کی مشاورت یا مرضی کے بغیر بنائی گئی۔ حماد اظہر نے بتایا کہ وہ پہلے بھی دو بار استعفیٰ دے چکے تھے، لیکن اسے مسترد کر دیا گیا تھا۔ تاہم، اب وہ تیسری اور حتمی بار عہدہ چھوڑ رہے ہیں اور یہ استعفیٰ ناقابل واپسی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ آئندہ وہ کسی بھی پارٹی عہدے کے خواہشمند نہیں ہیں لیکن بطور کارکن اپنے قائد کے لیے کام کرتے رہیں گے۔

بقیہ 15

کی نمائندگی اور سفارتی تعلقات کو مستحکم کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ تقریب میں شرکت پر نئے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد کا بھی پرتپاک استقبال کیا گیا، سفیر عاصم افتخار احمد نے اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب کا منصب سنبھالتے ہوئے کہا کہ وہ منیر اکرم کی بطور سفیر خدمات کو ہمیشہ سراہتے رہیں گے اور ان کے کام سے حاصل کردہ تجربات کو اپنی ترجیحات میں شامل رکھیں گے۔ استقبالیہ تقریب میں پاکستان کے مختلف سفارتی عہدیداروں اور اقوام متحدہ کے اعلیٰ حکام نے بھی شرکت کی اور منیر اکرم کی خدمات کی تعریف کی، عاصم افتخار احمد نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ پاکستان کی اقوام متحدہ میں مزید فعال اور مضبوط نمائندگی کے لئے کام کریں گے۔

بقیہ 16

ہوا ہے جو عالمی مارکیٹ میں پاکستانی زرعی مصنوعات کی پیشرفت کی عکاسی کرتا ہے۔ 2025 کے پہلے دو ماہ میں 740,22 میٹرک ٹن تل بیج کی برآمد کیے گئے ہیں، جو زرعی شعبے کے فروغ اور ملکی معیشت کو استحکام دینے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ زرعی پیداوار میں بہتری، جدید کاشتکاری طریقوں اور تجارتی آسانیوں کا نتیجہ بڑھتی ہوئی برآمدات میں دیکھنے کو ملا ہے۔ اس اضافے نے نہ صرف غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر مستحکم ہوں گے، بلکہ پاکستان کی معیشت کو مزید فروغ ملنے کی توقع بھی کی جا رہی ہے۔ ایس آئی ایف سی کی معاونت سے زرعی مصنوعات کی عالمی منڈیوں تک رسائی پاکستان کے اقتصادی استحکام میں اہم کردار ادا کرے گی، جو آنے والے برسوں میں زرعی شعبے کی ترقی کو مزید تیز کرے گا۔

بقیہ 17

آرڈر کے تحت تجویز کی گئی تھی جس کا مقصد امریکا کو دہشت گردی اور سکیورٹی خدشات سے محفوظ بنانا تھا تاہم انتظامیہ کی مقرر کردہ 21 مارچ کی ڈیڈ لائن خاموشی سے گزر گئی اور بعد میں سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ نے تصدیق کی کہ پابندیوں کے نفاذ کے لیے کوئی نئی ٹائم لائن طے نہیں کی گئی۔ سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کی ترجمان ٹیمی بروس نے ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ ویزا پابندیوں کے نفاذ کی کوئی مخصوص تاریخ طے نہیں کی گئی۔ امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق انتظامیہ نے پاکستان، روس اور ویتنام جیسے ممالک کو مختلف زمرہ جات میں تقسیم کیا تھا اور پاکستان کو اورنج فہرست میں رکھا گیا تھا جس کا مطلب تھا کہ ویزا کے حصول کے لیے شہریوں کو سخت جانچ پڑتال اور انٹرویوز سے گزرنا ہوگا۔ امریکی انتظامیہ کو اس پالیسی کے نفاذ میں داخلی اختلافات، قانونی پیچیدگیوں اور سفارتی دباؤ کا سامنا کرنا پڑا۔ 30 سے زائد امریکی قانون سازوں نے صدر ٹرمپ پر زور دیا کہ وہ اس متنازع سفری پابندی کو مکمل طور پر ترک کر دیں کیونکہ اس سے نہ صرف معیشت اور سفارتی تعلقات متاثر ہوں گے بلکہ امریکا کی قومی سلامتی کو بھی کوئی خاص فائدہ نہیں ہوگا۔ پاکستانی حکام نے اس فیصلے پر احتیاط سے مثبت ردعمل دیا اور کہا کہ واشنگٹن کے ساتھ مذاکرات جاری ہیں اگرچہ ابھی تک کوئی حتمی فیصلہ نہیں کیا گیا لیکن ماہرین کے مطابق یہ پالیسی آئندہ امریکی انتخابات یا بین الاقوامی سفارتی صورتحال کی روشنی میں دوبارہ زیر غور آسکتی ہے۔

بقیہ 18

کو 2016 ارب روپے فراہم کر دیے گئے ہیں۔ سٹیٹ بینک کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق بینکوں کو رقم کی فراہمی 4 دن کیلئے کی گئی ہے۔ سٹیٹ بینک کے مطابق بینکوں کو رقم کی فراہمی 12.09 فیصد سالانہ شرح سود پر کی گئی ہے۔

بقیہ 19

اعزاز کے ساتھ ادا کر دی گئی، نماز جنازہ تدفین، پھول چڑھانے کی تقریب اور سلامی آبائی گاؤں چڑی کوٹ حویلی کہوٹہ میں منعقد ہوئی۔ نماز جنازہ اور تدفین میں اعلیٰ فوجی حکام، کمشنر پونچھ ڈویژن، ڈی آئی جی پونچھ رینجن، ڈپٹی کمشنر ایس ایس صاحبان حویلی شہید کے لواحقین، سیاسی و سماجی شخصیات، سول سوسائٹی اور اہلیان حویلی نے شرکت کی شہید لانس نائیک نزاکت علی کی تدفین فوجی اعزازات کے ساتھ کی گئی جس میں پاک آرمی کے اعلیٰ حکام، انتظامیہ سول سوسائٹی اور اہلیان حویلی نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شرکا نماز جنازہ نے شہید کو سلام عقیدت پیش کیا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ کشمیر کا ہر فرد پاک فوج کے ساتھ کھڑا ہے اور وطن کے دفاع کے لیے ہر فرد افواج پاکستان کا سپاہی ہے، افواج پاکستان کے ساتھ وطن عزیز کے دفاع کے لیے اپنی جان قربان کرنے سے بھی دریغ نہیں کریں گے۔ جبکہ شہید لانس نائیک محمد نصیر مصدق نکیال میں سپرد خاک ہوئے۔

بقیہ 20

کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صدر مملکت کے معالج ڈاکٹر عاصم حسین نے کہا کہ صدر آصف زرداری کی طبیعت میں بہتری آ رہی ہے، خون کے ٹیسٹ کی رپورٹس بھی بہتری کے اشارے دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صدر زرداری کو علاج کے لیے نوابشاہ سے کراچی منتقل کرنا اچھا فیصلہ تھا، شعبہ انفیکشن ڈیزیز کے ماہرین روز 3 بار صدر آصف زرداری کا معائنہ کرتے ہیں، امید ہے صدر مملکت کو کچھ دنوں میں ہسپتال سے چھٹی دے دی جائے گی۔ ڈاکٹر عاصم نے کہا کہ صدر سے ملاقاتوں پر پابندی کورونا کے پیش نظر لگائی گئی ہے، ان کے اہلخانہ کو صحت سے متعلق مسلسل آگہی فراہم کی جا رہی ہے۔

بقیہ 21

ہیں۔ مالیاتی ادارے اور مختلف تعلیمی ادارے بھی معمول کے مطابق کھل گئے تاہم ان میں حاضریوں کا تناسب معمول سے کم دیکھی گئی۔

بقیہ 22

اعزاز نشان حیدر سے نوازا گیا، وہ 4 اپریل 1938 کو ضلع گجرات کے قصبہ ڈنگہ میں پیدا ہوئے، ابتدائی تعلیم کے بعد انہوں نے جذبہ حب الوطنی کے ساتھ 13 اکتوبر 1963 کو فرنٹیئر فورس رجمنٹ میں کمیشن حاصل کیا، میجر اکرم نے 1965 کی جنگ میں بھی حصہ لیا اور کئی کامیاب آپریشنز کی قیادت کی، 1971 کی جنگ کے دوران وہ مشرقی پاکستان کے علاقے بلی میں تعینات تھے جہاں ان کی کمپنی کو بھارتی فوج کی شدید یلغار کا سامنا کرنا پڑا، انہوں نے محدود وسائل کے باوجود دشمن کی پیش قدمی کو روکے رکھا اور بے مثال جرات کا مظاہرہ کیا، 5 دسمبر 1971 کو میجر اکرم دشمن کے ساتھ بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کر گئے، ان کی بہادری اور قربانی کے اعتراف میں انہیں پاکستان کے اعلیٰ ترین فوجی اعزاز نشان حیدر سے نوازا گیا، میجر محمد اکرم کی آخری آرام گاہ مشرقی پاکستان (موجودہ بنگلہ دیش) میں ہے اور ان کی یاد میں پاکستان میں مختلف تقریبات منعقد کی جاتی ہیں تاکہ ان کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا جا سکے، میجر اکرم کی زندگی اور قربانی پاکستان کی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھی جائے گی اور وہ نوجوان نسل کے لیے ایک مثال ہیں۔

بقیہ 23

کہا کہ ہمیں دوسری مرتبہ ملاقات کی اجازت نہیں دی گئی اس سے ظاہر ہوتا ہے عدالتی فیصلے کوئی معنی نہیں رکھتے، کوئی ملک جہاں عدالتی فیصلوں کو جوتے کی نوک پر رکھا جائے وہ ملک نہیں کہلا سکتا، جہاں پک اینڈ چوز کیا جائے اسکا مطلب عدالتیں اپنا وقار کھو چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عدالتیں اور ججز جو قانون کے مطابق فیصلے دیتے ہیں، اگر اس پر کوئی عمل درآمد نہیں کرتا تو اس پر سزا کا بھی تعین کریں، جب عوام دیکھیں گے کہ عدالت کا کوئی مقام و حیثیت نہیں تو وہ کیوں قانون کا احترام کریں گے، عوام کنٹینرز کا شکار ہیں، جتنے قیدی یہاں بیٹھے ہیں انکو عدالتوں نے ہی سزا دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ

City News

سٹی نیوز

راولپنڈی میڈیکل کالج یونیورسٹی ٹیچرز روڈ میں گراؤنڈ کا دورہ وائس چانسلر پروفیسر محمد عمر پروفیسر ڈاکٹر محمد رائے اصغر و دیگر موجود ہیں۔

ڈی جی پی ڈی ایم اے عرفان علی کاٹھیا کی زیر صدارت اہم اجلاس

رواں سال معمول سے کم بارشوں کے باعث پانی کی کمی بارے تبادلہ خیال کیا گیا

لاہور (نمائندہ) ڈی جی پی ڈی ایم اے عرفان علی کاٹھیا کی زیر صدارت کمیٹی روم میں اہم اجلاس ہوا۔ محکمہ زراعت، آبپاشی، لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ، کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ محکمہ صنعت و تجارت اور ہاؤسنگ و اربن ڈویلپمنٹ کے افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔ صوبے بھر سے واسا حکام اور ایم پی ایچ اے افسران نے اجلاس میں ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ رواں سال معمول سے کم بارشوں کے باعث پانی کی کمی بارے تبادلہ خیال کیا گیا۔ متعلقہ محکموں کی ممکنہ خشک سالی کے اثرات بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے نے واسا حکام کو پانی کے بچاؤ سے متعلق اقدامات کی ہدایات جاری کیں۔ ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے عرفان علی کاٹھیا کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق تمام متعلقہ محکمے الرٹ رہیں۔ گزشتہ 4 ماہ میں پنجاب میں 38 فیصد کم بارشیں ہوئی ہیں۔ منگلا اور تربیلا ڈیم میں پانی کی سطح نہایت نچلے درجے پر ہے۔ واٹر کمیشن کی احکامات پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا۔ عدالتی احکامات اور ہدایات پر عمل درآمد سے ممکنہ پانی کی قلت سے نمٹا جا سکتا ہے۔

ایس ایس پی آپریشنز محمد شعیب خان کی زیر صدارت کرائم میٹنگ کا انعقاد۔

سی پی او سید خالد ہمدانی کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں اہم اجلاس

ضلع بھر میں منشیات کے خلاف بڑے کریک ڈاؤن کا فیصلہ

راولپنڈی (نمائندہ) سی پی او سید خالد ہمدانی کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں اہم اجلاس کا انعقاد کیا گیا، ایس ایس پی آپریشنز، ایس ایس پی انوسٹی گیشن، ڈویژنل ایس پیز، ایس پی سیکورٹی، ایس پی سی آئی اے، ایس پی ہیڈ کوارٹرز، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کی شرکت، ضلع بھر میں منشیات کے خلاف بڑے کریک ڈاؤن کا فیصلہ کرتے ہوئے سی پی او نے کہا کہ گزشتہ دو سال کے دوران بڑے منشیات فروشوں کو پابند سلاسل کیا گیا، 450 بڑے منشیات فروش جیل میں 10 سے 20 سال تک کی سزا کاٹ رہے ہیں، سی پی او، منشیات کے خلاف بڑے پیمانے پر آگاہی مہم کا آغاز کیا جا رہا ہے، سی پی او، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق نوجوان نسل کو منشیات کے ناسور سے پاک معاشرہ فراہم کریں گے، سی پی او سید خالد ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں اہم اجلاس کا انعقاد، ایس ایس پی آپریشنز، ایس ایس پی انوسٹی گیشن، ڈویژنل ایس پیز، ایس پی سیکورٹی، ایس پی سی آئی اے، ایس پی ہیڈ کوارٹرز، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے شرکت کی، ضلع بھر میں منشیات کے خلاف بڑے کریک ڈاؤن کا فیصلہ، سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ منشیات کے خلاف پنجاب بھر میں راولپنڈی پولیس کی کارکردگی سب سے بہتر ہے، گزشتہ دو سال کے دوران بڑے منشیات فروشوں کو پابند سلاسل کیا گیا، 450 بڑے منشیات فروش جیل میں 10 سے 20 سال تک کی سزا کاٹ رہے ہیں۔

راولپنڈی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی

راولپنڈی (نمائندہ) راولپنڈی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی، 03 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے ملزم فہد سے 05 لیٹر شراب، ویسٹریج پولیس نے ملزم اقبال سے 04 لیٹر شراب، نیو ٹاؤن پولیس نے ملزم اعزاز حسین سے 01 پستول 30 بور برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ شراب سپلائرز، ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

بجلی سستے ہونے سے عوام کو ریلیف ملے گا۔ حنیف عباسی

اسلام آباد (نمائندہ) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے بجلی کی فی یونٹ قیمت میں 7 روپے 41 پیسے کمی پر وزیر اعظم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ بجلی کے یونٹ سستے ہونے سے عوام کو ریلیف ملے گا۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیر اعظم نے ایک بار پھر ثابت کر دیا کہ ہم دعوؤں نہیں، عمل پر یقین رکھتے ہیں، عام آدمی کو ریلیف کی فراہمی مسلم لیگ ن کی اصلاحات کا حصہ ہے، مستقبل میں بھی عوام دوست فیصلے جاری رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کو سیاست سے بالاتر ہو کر بجلی میں کمی کے فیصلے کو سراہنا چاہیے۔

قومی پیڈل چیمپئن شپ، آرگنائزنگ کمیٹی اجلاس آج ہوگا

اسلام آباد (نمائندہ) قومی پیڈل چیمپئن شپ کی آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس کل (جمعہ کو) کراچی میں ہوگا جس کی صدارت پاکستان پیڈل فیڈریشن کے صدر محمد متین کریں گے۔ پاکستان پیڈل فیڈریشن کی سیکرٹری جنرل فرحا العین نے بتایا کہ اجلاس میں پاکستان پیڈل فیڈریشن کے زیر اہتمام نیشنل پیڈل چیمپئن شپ جو کہ 11 سے 13 اپریل تک کراچی میں منعقد ہوگی، کے انتظامات کے حوالے سے بات چیت ہوگی۔ پاکستان پیڈل فیڈریشن کے سینئر نائب صدر مرثد آرا میں چیمپئن شپ کے انتظامات پر آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین کو تفصیلات کے بریفنگ دیں گے۔

بجلی کے نرخوں میں کمی کا اعلان خوش آئند ہے، اجمل بلوچ

صنعتوں کے لئے بجلی کے نرخ بہت زیادہ تھے جس سے صنعتیں بند ہو رہی تھیں، بیان

اسلام آباد (نمائندہ) آل پاکستان انجمن تاجران اور ٹریڈرز ایکشن کمیٹی اسلام آباد کے صدر اجمل بلوچ، سیکرٹری وکنوینر ٹریڈرز کمیٹی آئی سی سی آئی خالد چوہدری، ستارہ مارکیٹ کے صدر الطاف حسین شاہ، جی نین مرکز کے صدر اخلاق عباسی، جناح سپر مارکیٹ کے صدر اسد عزیز، جی نائن مرکز کے صدر راجہ ذوالفقار، جنرل سیکرٹری شاہد عباسی، ایف نین مرکز کے صدر احمد خان، جی 11 کے صدر نعیم اعوان، سپر مارکیٹ کے صدر شہزاد عباسی، جی نین فور کے صدر چوہدری ظفر گجر، آئی ایٹ مرکز کے صدر چوہدری وحید چیمہ اور آبپارہ مارکیٹ کے جنرل سیکرٹری اختر عباسی نے کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف کے صنعتوں اور گھریلو اور کمرشل صارفین کے لئے بجلی کے نرخوں میں کمی کرنے کا اعلان کیا ہے جو کہ خوش آئند ہے صنعتوں کے لئے بجلی کے نرخ بہت زیادہ تھے جس سے صنعتیں بند ہو رہی تھیں، امید ہے کہ پروڈکشن کاسٹ میں کمی ہوگی اور صنعتوں کا پہیہ چلے گا، گھریلو اور کمرشل صارفین کے لئے سات روپے 40 پیسے کا ریلیف دیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بجلی چوروں کو سخت سزائیں دی جائیں اور کمرشل بجلی کے نرخوں میں کمی کی جائے۔ صنعتوں کے لئے بجلی کے نرخ بہت زیادہ تھے جس سے صنعتیں بند ہو رہی تھیں، امید ہے کہ پروڈکشن کاسٹ میں کمی ہوگی اور صنعتوں کا پہیہ چلے گا، گھریلو اور کمرشل صارفین کے لئے سات روپے 40 پیسے کا ریلیف دیا گیا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کے صنعتوں اور گھریلو اور کمرشل صارفین کے لئے بجلی کے نرخوں میں کمی کرنے کا اعلان کیا ہے جو کہ خوش آئند ہے

عید الفطر کے موقع پر بڑی تعداد میں سیاحوں نے ملکہ کوہسار مری کا رخ کیا

عید کی تعطیلات کے دوران سیاحوں کی 75 ہزار سے زیادہ گاڑیاں مری میں داخل ہوئیں

مری (نمائندہ) عید کی تعطیلات کے دوران سیاحوں کی 75 ہزار سے زیادہ گاڑیاں مری میں داخل ہوئیں عید الفطر کے موقع پر بڑی تعداد میں سیاحوں نے ملکہ کوہسار مری کا رخ کیا سی ٹی او مری مغیث احمد ہاشمی نے ڈی ایس پی ٹریفک مری ابرار سرور قریشی اور ٹریفک پولیس کے تمام جوانوں کو محنت اور لگن سے ڈیوٹی انجام دینے پر شاباش دی سی ٹی او مری نے کہا کہ ملکہ کوہسار مری میں سیاحوں کی سہولت اور ٹریفک کی روانی کو بلا رکاوٹ برقرار رکھنے کیلئے ٹریفک پولیس کے 200 سے زائد افسروں اور جوان موجود رہے انہوں نے کہا کہ عید کے دنوں کے دوران مری میں سیاحوں کی 75 ہزار سے زائد گاڑیاں داخل ہوئیں اس دوران سٹی ٹریفک پولیس مری کے افسران و ملازمان کی بہترین حکمت عملی اور ٹریفک پلان پر عملدرآمد کروانے کی بدولت کسی قسم کا ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا فرائض کی ادائیگی کے دوران 14 ہزار 860 سے زائد سیاحوں کی مختلف طریقوں سے رہنمائی اور مدد کی گئی رمضان اور عید الفطر کے دنوں میں ٹریفک پولیس کے افسروں اور جوانوں نے اپنے پیشہ ورانہ فرائض انتہائی خوش اسلوبی اور احسن طریقے سے انجام دیے سی ٹی او نے عید ڈیوٹی انجام دینے پر ٹریفک وارڈنز و دیگر سٹاف کو تعریفی سرٹیفکیٹ دینے کا اعلان کیا ہے۔

پنجاب میں 35 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ پر کپاس کاشت کی جائے گی، سیکرٹری

کپاس کی کاشت کا پہلا مرحلہ مکمل ہو گیا ہے، افتخار علی سہو

لاہور (نمائندہ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ کپاس کی کاشت کا پہلا مرحلہ مکمل ہو گیا ہے، ملکی تاریخ میں پہلی بار کپاس کی اگیتی کاشت کی مہم چلائی گئی جس کے حوصلہ افزا نتائج برآمد ہوئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کپاس کی کاشت بارے جاری مہم کے سلسلہ میں محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین گھمن، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب شبیر احمد خان، چیئرمین نیشنل سیڈ اتھارٹی ڈاکٹر آصف علی، وائس چانسلر ایم این ایس زرعی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد رجوانہ، ڈائریکٹر جنرلز زراعت پنجاب چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کالوں، عبدالقیوم، ڈاکٹر عامر رسول، ڈاکٹر ساجد الرحمن، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی، صدر کسان اتحاد خالد محمود کھوکھر، کاٹن ایکسپرٹ ڈاکٹر محمد اقبال بندیشہ سمیت محکمہ زراعت و انبار کے افسران شریک ہوئے۔ سیکرٹری زراعت نے کہا کہ کپاس کی بحالی کیلئے مہم جاری ہے۔

چیف ٹریفک آفیسر کیپٹن (ر) سید ذیشان حیدر اور ایس ایس پی سی ٹی ڈی حمزہ ہمایوں کا لیک ویو پارک کا دورہ۔

اسلام آباد وزارت ریلویز میں وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کو سیکرٹری ریلوے سید مظہر علی شاہ و دیگر ڈیزل ملٹی پل یونٹس ٹرین پر بریفنگ دے رہے ہیں

ریلوے کے دو افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات

لاہور (نمائندہ) وزارت ریلوے نے گریڈ 20 اور 19 کے دو افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کر دیئے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق گریڈ 20 کے ڈائریکٹر جنرل ویجی لینس رضوان سعید خان کو ڈائریکٹر جنرل کوالٹی کنٹرول اینڈ فیول مانیٹرنگ جبکہ گریڈ 19 کے افسر طارق لطیف کو ڈائریکٹر جنرل ویجی لینس تعینات کر دیا گیا۔ وزارت ریلوے نے گریڈ 20 اور 19 کے دو افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کر دیئے۔

چوہدری شافع حسین کا بجلی کی قیمتوں میں نمایاں کمی کا خیر مقدم

لاہور (نمائندہ) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے بجلی کی قیمتوں میں نمایاں کمی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ صنعتوں کیلئے بھی بجلی کی قیمتوں کی کا اعلان خوش آئند ہے۔ وزیر اعظم کے اعلان کے مطابق صنعتوں کو اب 7 روپے 59 پیسے فی یونٹ کم قیمت پر بجلی ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ صنعتوں کیلئے بجلی کی قیمتوں میں نمایاں کمی کی گئی ہے۔ بجلی کی قیمتوں میں کمی سے انڈسٹری فروغ پائے گی اور صنعتکار یکا عمل تیز ہونے سے روزگار کے مواقع بڑھیں گے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ انڈسٹری کا فروغ حکومت کی پہلی ترجیح ہے، صوبے میں نئے کارخانے لانے کے حوالے سے حکومتی کاوشیں بار آور ثابت ہو رہی ہیں۔

07 سالہ بچی سے زیادتی کی کوشش کا ملزم گرفتار

لاہور (نمائندہ) قیام امن کیلئے لاہور پولیس کی قانون شکن عناصر کے خلاف تادیبی کارروائیاں جاری ہیں۔ تفصیلات کے مطابق کاہنہ پولیس نے 15 کال پر فوری کارروائی کرتے ہوئے 7 سالہ بچی سے زیادتی کی کوشش میں ملوث ملزم خرم کو گرفتار کر لیا۔ 7 سالہ قرا العین مسجد سے پانی لینے جا رہی تھی کہ ملزم نے ورغلا کر زیادتی کی کوشش کی۔ بچی کے شور کرنے پر ملزم نے فرار ہونے کی کوشش کی جس کو تعاقب کر کے گرفتار کر لیا گیا۔ ڈیفنس سی پولیس ٹیلوانی جھگڑے کی کال پر فوری ریسپانڈ کرتے ہوئی 04 ملزمان کو اسلحہ سمیت گرفتار کر لیا۔

تاجر برادری کا بجلی کی قیمتوں میں کمی کے اعلان کا خیر مقدم

اقدام سے کاروباری برادری کو ریلیف ملے گا، صدر ایف پی سی سی آئی

اسلام آباد (نمائندہ) صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ نے بجلی قیمتوں میں کمی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ بجلی قیمتوں میں کمی پر حکومت کے مشکور ہیں اس سے کاروباری برادری کو ریلیف ملے گا۔ اسلام آباد میں ایف پی سی سی آئی کے دیگر عہدیداروں کے ساتھ پریس کانفرنس کرتے ہوئے عاطف اکرام شیخ نے کہا کہ آج کا ریلیف گھریلو صارفین سمیت انڈسٹری، کمرشل کیلئے بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایف پی سی سی آئی نے 10 ماہ جنگ لڑی، بجلی بلوں میں کمی پر کاروباری برادری کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، ملک اچھی سمت میں جا رہا ہے، مثبت اقدام سے عام آدمی، صنعتوں پر بوجھ کم ہوگا۔ معروف تاجر رہنما اور یونائیٹڈ بزنس گروپ کے چیئرمین انجینئر ایس ایم تنویر نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف، آرمی چیف جنرل عاصم منیر سمیت ٹاسک فورس، ایس آئی ایف سی اور تمام بزنس کمیونٹی کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرز اینڈ انڈسٹری قیادت کو مبارکباد دیتے ہوئے ایس ایم تنویر نے کہا کہ حکومت سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز ہماری آواز پر ہمارے ساتھ کھڑے ہوئے اور ہم نے ثابت کیا کہ آئی پی پیز میں جو چوری ہو رہی تھی۔

ملک بدری، جڑواں شہروں میں حساس اداروں کی کارروائیاں

تمام افغان باشندوں کو پرانا حاجی کیمپ میں واقع عارضی کیمپ میں منتقل کر دیا گیا

اسلام آباد (نمائندہ) غیر ملکیوں کی ملک بدری کے سلسلے میں حساس اداروں اور پولیس کی مشترکہ کارروائیوں میں 60 افغان باشندوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق غیر ملکیوں کی ملک بدری کے پلان کا دوسرا مرحلہ شروع ہو گیا ہے، اس حوالے سے افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کی رضا کارانہ واپسی کی مدت ختم ہونے کے بعد ایکشن شروع کر دیا گیا ہے۔ جڑواں شہروں اسلام آباد راولپنڈی میں خفیہ اطلاعات پر کارروائیوں میں 60 افغان باشندوں کو حراست میں لیا گیا ہے، یہ کارروائیاں پولیس اور حساس اداروں نے مشترکہ طور پر کی ہیں۔ اسلام آباد کے علاقوں ترنول، بہارہ کہو، خوری ٹان اور میر آبادی میں سرچ آپریشن کیا گیا جہاں سے افغان سٹیزن کارڈ رکھنے والے 22 باشندوں کو حراست میں لیا گیا۔ اس کے علاوہ راولپنڈی کی فوجی کالونی اور ملحقہ علاقوں سے 38 افراد کو پکڑا گیا۔ ذرائع کے مطابق تمام افغان باشندے پرانا حاجی کیمپ میں واقع عارضی کیمپ میں منتقل کیے گئے ہیں، جہاں رجسٹریشن کے بعد تمام افراد کو لنڈی کوتل لے جایا جائے گا۔ لنڈی کوتل کیمپ میں افغان باشندوں کی بائیومیٹرک کے بعد وطن واپسی ہوگی۔

راولپنڈی پولیس کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز

کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف اور شہریوں کے کوائف کو چیک کیا گیا

راولپنڈی (نمائندہ) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز کیے، سرچ آپریشنز تھانہ سٹی، بنی، وارث خان اور رتہ امرال کے مختلف علاقوں میں کیے گئے، سرچ آپریشنز میں گھروں، دوکانوں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف اور شہریوں کے کوائف کو چیک کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز، سرچ آپریشنز تھانہ سٹی، بنی، وارث خان اور رتہ امرال کے مختلف علاقوں میں کیے گئے، سرچ آپریشنز میں پولیس کے ساتھ دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے بھی حصہ لیا، وارث خان پولیس نے سرچ آپریشن کے دوران 02 ملزمان سے اسلحہ معہ ایمونیشن، مختلف مقدمات میں مطلوب 02 اشتہاری مجرمان، 02 سابقہ ریکارڈ یافتگان اور 01 گداگر کو گرفتار کیا، سرچ آپریشنز میں مجموعی طور پر 80 گھروں، 65 دکانوں، 17 کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف اور انفرادی طور پر 200 سے زائد افراد کے کوائف کو چیک کیا گیا، سرچ آپریشنز کا مقصد جرائم پیشہ و قانون شکن عناصر پر کڑی نظر رکھنا ہے، راولپنڈی پولیس شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اور امن و امان کے قیام کے لیے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔

راولپنڈی: سی پی او سید خالد ہمدانی کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں اہم اجلاس،

ویمنز ورلڈ کپ کوالیفائر: میچ آفیشلز کا اعلان ہو گیا

لاہور (نمائندہ) آئی سی سی ویمنز کرکٹ کوالیفائرز کیلئے میچ آفیشلز کا اعلان کر دیا گیا۔ 6 ٹیمی ایونٹ کی میزبانی نو اپریل سے پاکستان کر رہا ہے۔ آئی سی سی کی طرف سے اعلان کردہ میچ آفیشلز میں پاکستان کے فیصل خان آفریدی اور سلیمہ امتیاز امپائرنگ پینل میں شامل ہیں۔ میچ آفیشلز میں 10 امپائرز کے علاوہ 3 ریفریز کو رکھا گیا ہے، پاکستان کے علی نقوی میچ ریفری کی ذمہ داریاں نبھائیں گے۔ ان کے ساتھ شاندرے فریٹز اور نروڈی اینڈرسن میچ ریفریز پینل میں شامل ہیں۔

لاہور پولیس کا مثالی سیکیورٹی پلان، مکمل امن و امان برقرار

لاہور (نمائندہ) لاہور پولیس نے حکومت پنجاب کے "محفوظ رمضان، محفوظ عید" منصوبے کو عملی جامہ پہناتے ہوئے جامع سیکیورٹی پلان ترتیب دیا، جس کے باعث عید الفطر کے دوران کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی اطلاع نہیں ملی۔ پیشگی منصوبہ بندی، بروقت اقدامات اور مکمل عمل درآمد کے نتیجے میں ون ویلنگ، ہوائی فائرنگ، زہریلی شراب اور پتنگ بازی کے باعث کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کی ہدایت پر لاہور پولیس نے بھرپور نگرانی اور کریک ڈاؤن کیا۔ زہریلی شراب کی ترسیل ناکام بناتے ہوئے 26 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، جبکہ تین روز میں ہوائی فائرنگ اور اسلحہ کی نمائش کرنے والے 46 افراد کو حراست میں لیا گیا۔

محکمہ سکول ایجوکیشن نے 43 ہزار سے زائد پوسٹیں ختم کر دیں

لاہور (نمائندہ) محکمہ سکول ایجوکیشن نے 43 ہزار سے زائد پوسٹیں ختم کر دیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سرکاری سکولوں کے اساتذہ کی 15 فیصد کے قریب پوسٹیں ختم کر دی گئیں، مختلف سکیلوں کی 43 ہزار 960 پوسٹیں ختم کی گئی ہیں۔ فیصلہ سکولوں کو آؤٹ سورس کرنے کی وجہ سے کیا گیا، مجموعی طور پر 10 ہزار سکول آؤٹ سورس کئے گئے ہیں، آؤٹ سورس ہونے والے سکولوں کے اساتذہ کو قریبی سکولوں میں ٹرانسفر کیا جائے گا۔ محکمہ خزانہ، ایجوکیشن اتھارٹیز اور متعلقہ اداروں کو فیصلے سے آگاہ کر دیا گیا جس کے مطابق نئی انتظامیہ کے حوالے کرنے سے ان پوسٹوں کو ختم تصور کیا

لاہور، ون ویلنگ، ہوائی فائرنگ و پتنگ بازی کیخلاف کریک ڈاؤن

دوران کارروائی 3 کلاشنکوف، 7 بندوقیں، 4 3 پسٹلز اور ہزاروں گولیاں برآمد کی گئیں

لاہور (نمائندہ) لاہور پولیس نے حکومت پنجاب کے محفوظ رمضان و محفوظ عید منصوبے کو عملی جامہ پہناتے ہوئے جامع سیکیورٹی پلان ترتیب دیا جس کے باعث عید الفطر کے دوران کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی اطلاع نہیں ملی۔ ترجمان کے مطابق پیشگی منصوبہ بندی، بروقت اقدامات اور مکمل عمل درآمد کے نتیجے میں ون ویلنگ، ہوائی فائرنگ، زہریلی شراب اور پتنگ بازی کے باعث کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کی ہدایت پر لاہور پولیس نے بھرپور نگرانی اور کریک ڈاؤن کیا۔ زہریلی شراب کی ترسیل ناکام بنا کر 26 ملزمان کو گرفتار جبکہ تین روز میں ہوائی فائرنگ اور اسلحہ کی نمائش کرنے والے 46 افراد حراست میں لیا گیا۔ دوران کارروائی 3 کلاشنکوف، 7 بندوقیں، 34 پسٹلز اور ہزاروں گولیاں برآمد کی گئیں۔ علاوہ ازیں پتنگ بازی میں ملوث 26 ملزمان کو بھی گرفتار کیا گیا، ون ویلنگ کی روک تھام کے لیے شہر بھر میں ناکہ بندی کی گئی اور اضافی گشت کے دوران 126 نوجوانوں کو گرفتار کیا گیا۔ اسی طرح خواتین کے تحفظ کے لیے خصوصی اسکواڈز تعینات کیے گئے، جنہوں نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

صنعت زاروں کی بہتری کے لیے اہم اجلاس

اجلاس کے دوران شرکاء نے جدید تقاضوں کے مطابق اپگریڈیشن پر زور دیا

لاہور (نمائندہ) محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب کے تحت صنعت زاروں کی بہتری اور اپگریڈیشن کے حوالے سے ایک اہم اجلاس صنعت زار لاہور میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت سیکرٹری سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب جاوید اختر محمود اور ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب طارق قریشی نے کی۔ اجلاس میں محکمہ سوشل ویلفیئر کے افسران اور متعلقہ تھنک ٹینک کے افراد نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران صنعت زاروں کو جدید تقاضوں کے مطابق مزید فعال بنانے پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اس موقع پر یہ تجویز دی گئی کہ محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال کے 1979 کے مینول کو اپگریڈ کیا جائے تاکہ صنعت زاروں کو موثر اور جدید خطوط پر استوار کیا جا سکے۔ سیکرٹری سوشل ویلفیئر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام رجسٹرڈ ورکرز کی تربیت مکمل ہونے کے بعد ان کا فالو اپ کیا جائے گا تاکہ یہ جانچا جا سکے کہ وہ صنعت زاروں کی بہتری کے لیے کوئی عملی قدم اٹھا رہے ہیں یا انہیں کسی قسم کے بجٹ یا معاونت کی ضرورت ہے۔

پاپ گلوکارہ نازیہ حسن کی سالگرہ 3 اپریل کو منائی گئی

نگرہ کے موقع پر شوبز انڈسٹری اور گلوکار برادری کی جانب خدمات کو خراج تحسین پیش

اسلام آباد (نمائندہ) پاپ گلوکارہ نازیہ حسن کی سالگرہ جمعرات کو منائی گئی، نازیہ حسن 3 اپریل 1965 کو کراچی میں پیدا ہوئیں۔ ان کو گلوکاری کا بے حد شوق تھا اور انہوں نے صرف 10 سال کی عمر سے گانا شروع کر دیا تھا۔ نازیہ حسن نے امریکن انٹرنیشنل یونیورسٹی اور لندن یونیورسٹی سے تعلیم مکمل کی اور قانون کی تعلیم حاصل کرنے کے ساتھ اقوام متحدہ کی ثقافتی سفیر کے طور بھی خدمات سرانجام دیتی رہیں۔ نازیہ حسن نے پاپ گلوکارہ کے طور پر دنیا بھر میں پاکستان کا نام روشن کیا اور متعدد قومی اور بین الاقوامی ایوارڈز اپنے نام کیے۔ نازیہ حسن پاکستان کی پہلی پاپ گلوکارہ ہیں جنہوں نے فلم فیئر ایوارڈز کا اعزاز صرف 15 سال کی عمر میں اپنے نام کیا۔ حکومت کی جانب سے نازیہ حسن کو میوزک انڈسٹری میں ان کی خدمات کے اعتراف میں 2002ء میں پرائڈ آف پرفارمنس سے نوازا گیا۔ پاپ کوئن نازیہ حسن 35 سال کی عمر میں 13 اگست 2000ء کو پھیپھڑوں کے کینسر کے باعث جہان فانی سے رخصت ہو گئیں۔ ان کی سالگرہ کے موقع پر شوبز انڈسٹری اور گلوکار برادری کی جانب سے ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کی گیا۔

راولپنڈی، ضلع بھر میں عید الفطر کے اجتماعات بخریت اختتام پذیر

راولپنڈی پولیس کے 5000 سے زائد افسران و جوانوں نے سیکورٹی کے فرائض سرانجام دیئے

راولپنڈی (نمائندہ) ضلع بھر میں عید الفطر کے اجتماعات بخریت اختتام پذیر ہوئے، راولپنڈی پولیس کے 5000 سے زائد افسران و جوانوں نے سیکورٹی کے فرائض سرانجام دیئے، عید الفطر کی نماز پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز راولپنڈی کی جامع مسجد میں ادا کی گئی، آر پی او راولپنڈی بابر سرفراز الپا، کمشنر راولپنڈی انجینئر عامر عنگ، سی پی او راولپنڈی سید خالد ہمدانی، ڈی سی راولپنڈی حسن وقار چیمہ، ایس ایس پی آپریشنز سمیت دیگر سینئر پولیس افسران اور اہلکاروں نے نماز عید ادا کی، نماز کے بعد شہداء پولیس کے درجات کی بلندی، مسلم امہ اور ملک و قوم کی سلامتی کیلئے دعا کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ضلع بھر میں عید الفطر کے اجتماعات بخریت اختتام پذیر، راولپنڈی پولیس کے 5000 سے زائد افسران و جوانوں نے سیکورٹی کے فرائض سرانجام دیئے، عید الفطر کی نماز پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز راولپنڈی کی جامع مسجد میں ادا کی گئی، آر پی او راولپنڈی بابر سرفراز الپا، کمشنر راولپنڈی انجینئر عامر عنگ، سی پی او راولپنڈی سید خالد ہمدانی، ڈی سی راولپنڈی حسن وقار چیمہ، ایس ایس پی آپریشنز سمیت دیگر سینئر پولیس افسران اور اہلکاروں نے نماز عید ادا کی، نماز کے بعد شہداء پولیس کے درجات کی بلندی، مسلم امہ اور ملک و قوم کی سلامتی کیلئے دعا کی گئی، تفصیلات کے مطابق ضلع بھر میں عید الفطر کے اجتماعات بخریت اختتام پذیر، راولپنڈی پولیس کے 5000 سے زائد افسران و جوانوں نے سیکورٹی کے فرائض سرانجام دیئے، عید الفطر کی نماز پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز راولپنڈی کی جامع مسجد میں ادا کی گئی، آر پی او راولپنڈی بابر سرفراز الپا، کمشنر راولپنڈی انجینئر عامر عنگ، سی پی او راولپنڈی سید خالد ہمدانی، ڈی سی راولپنڈی حسن وقار چیمہ، ایس ایس پی آپریشنز سمیت دیگر سینئر پولیس افسران اور اہلکاروں نے نماز عید ادا کی، نماز کے بعد شہداء پولیس کے درجات کی بلندی، مسلم امہ اور ملک و قوم کی سلامتی کیلئے دعا کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ضلع بھر میں عید الفطر کے اجتماعات بخریت اختتام پذیر، راولپنڈی پولیس کے 5000 سے زائد افسران و جوانوں نے سیکورٹی کے فرائض سرانجام دیئے، عید الفطر کی نماز پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز راولپنڈی کی جامع مسجد میں ادا کی گئی، آر پی او راولپنڈی بابر سرفراز الپا اور سی پی او سید خالد ہمدانی نے راولپنڈی پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے جسے ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

عید کے اختتام پر موٹر ویز اور قومی شاہراہوں پر ٹریفک کا بہاؤ ٹریول ایڈوائزری

بڑھتے ہوئے رش کے پیش نظر موٹر وے پولیس کی نفری اور پیٹرولنگ میں اضافہ

راولپنڈی (نمائندہ) موٹر وے پولیس نے عید کے اختتام پر موٹر ویز اور قومی شاہراہوں پر بڑھتے ہوئے ٹریفک بہاؤ کے پیش نظر ٹریول ایڈوائزری جاری کر دی۔ ترجمان موٹر وے کے مطابق چند احتیاطی تدابیر اپناتے ہوئے اپنا سفر محفوظ اور آرام دہ بنائیں، سفر شروع کرنے سے پہلے گاڑی کا انجن آئل، پانی، ٹ